**Haji Syed Husain Shah :** Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjonrnment of thc business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the WAPDA House explosion killing two persons and causing serious injuries to another eight persons. As reported by the Daily Dawn, Karachi, in its issue dated the 4th September, 1974. somebody placed a 200 pounder Time-bomb somewhere near a room which houses an office of thc Budget and Finance Department of WAPDA. The explosion which took place on 3rd September, 74 at about 1.35 p.m. ripped of the ground floor as well as the first two floors above it. This news of sabotage of the Budget and Finance Department of WAPDA, which keeps accounts and record of Tarbela Dam has caused great resentment and concern to the public.

**Mr. Chairman :** Yes, Mr. Abdul Qaiyum Khan. Haji Sahib, you tell me how it is primarily the concern of the Federal Government ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** WAPDA.

**Mr. Chairman :** WAPDA building has been damaged but the maintenance of law and order is a provincial subject.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! لا اینڈ آرڈر سے یہ تحریک متعلق نہیں ہے - لاہور میں بڑی سخت افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ تربیلا ڈیم کے کاغذات میں گھپلا ہوا ہے - اسلئے تربیلا ڈیم سے متعلقہ کاغذات کو تباہ کرنے کے لئے دیدہ دانستہ بم پھینکا گیا ہے -

**Mr. Chairman :** This is a question of inference. But you can't draw an inference on the basis of that, You can't table an adjournment motion. That is a question of inference and on a question of inference you cannot bring an adjournment motion. Of course, the question is purely of law and order.

**خواجہ محمد صفدر :** میں اس فعل کی سختی سے مذمت کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** If what you say is correct then the whole thing boils down to this that the law enforcing agency, of the Provincial Government has failed to protect this building and primarily it is not the concern of the Federal Government. It is the concern of the Provincial Government because the law and order is the provincial concern.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ نہیں ہے - اس فعل کی ہم شدت سے مذمت کرتے ہیں - اس میں قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں - لاکھوں کروڑوں کا نقصان ہوا ہے - یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے -

**Mr. Chairman** : But it was the Provincial Government...........

**خواجہ محمد صفدر :** یہ اقدامات محض توبیلا کے بدمعاش لوگوں کو بچانے کے لئے کئے جا رہے ہیں ۔

**Mr. Chairman** : I would not allow that. You know that no adjournment motion can be tabled, I am just drawing his attention,.. .........

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : The Federal Government has no intention. It is primarly a law and order question. The Police is investigating.

**Mr. Chairman** : You look at 71(g)—

> "it shall not contain arguments, inferences, ironical expressions or defamatory statements".

You say that it is suspected that somebody was interested in the doing away with the record of the WAPDA. It is a question of inference. It is hit by 71(g). You can't suggest that source. I have already put it out. It is not primarily the concern of the Federal Governmept.

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! میں گورنمنٹ پارٹی کی مدد کرنا چاہتا ہوں ۔ میں لاہور گیا تھا ۔ یہ افواہ - - -

**جناب چیئرمین :** آپ نے کیا فرمایا ہے ۔ کہ اس دن میں لاہور گیا ہوا تھا ؟

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! میں عرض کر رہا ہوں کہ اس دن میں لاہور میں تھا ۔

**جناب چیئرمین :** کیا آپ اس دن لاہور میں موجود تھے ؟

**جناب زمرد حسین :** جی میں اس دن لاہور میں موجود تھا ۔

**Mr. Chairman** : If they draw an inference from this then what you will say to that?

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! میں کہہ رہا ہوں کہ میں لاہور میں موجود تھا ۔

**چوہدری محمد حنیف خاں :** یہ ذمہ داری اس طرف سے اس طرف ڈال رہے ہیں ۔

( مداخلت )

**Mr. Chairman** : What is your inference. First listen to me. Simply because the WAPDA Dam is in trouble and the accounts are

there, therefore, the inference is that somebody interested in concealing the documents has done it. Now, if at that time Mr. Zamurrud Husain was there in Lahore what is your inference?

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! مجھے معلوم ہوا ہے کہ ایسی بات نہیں ہے - تربیلا ڈیم کا ریکارڈ مختلف جگہوں پر ہے - تربیلا کے ریکارڈ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا - میں تو گورنمنٹ پارٹی کی مدد کرنا چاہتا ہوں -

( قہقہے )

**Mr. Chairman :** Well, Khawaja Sahib, time is also over and the adjournment motion is also over because it is a Provincial subject. It is ruled out.

## MOTION RE: CORRUPTION IN AGRICULTURE BANK OF PAKISTAN

**Mr. Chairman :** Now, we take up motions under Rule 187. This motion was moved by Mr, Qurban Ali Shah. He is again absent. Is it a coincidence or is he deliberately absenting himself?

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, I think, he is is no longer interested. So, let us drop it now. It is the second time that the Honourable Member is not present,

**Mr. Chairman :** What are the rules ?

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, the point is that the situation is changing and developing. If the Honourable Member or any other Member at a subsequent stage feels the necessity it can be re-introdueed. At present it should be dropped.

**Mr. Chairman :** You are correct. It is the second time at least if not the third that he is absent on one occasion. The Deputy Chairman suggested to me that his absence shows that he was very very anxious to have this discussion in the House. That is what he told me. I remember it. So, we can't help it. It has to go. It has been talked out because there are no speakers. The mover is not here. It has been talked out.

## MOTION RE: FORMATION OF SPECIAL COMMITTEE TO DRAET RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE SENATE

**Mr. Chairman :** There is another motion. This is under Rule 173. I think it is by Khawaja Sahib.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں نے اس تحریک کو ایوان کے سامنے پیش کر دیا تھا اور یہ ملتوی کر دی گئی تھی اس بنا پر - - -

**جناب چیئرمین :** پیر زادہ صاحب کے لئے - پیر زادہ صاحب موجود نہیں تھے -

**خواجہ محمد صفدر :** جی ہاں ممکن ہے حزب اقتدار کو پیر زادہ صاحب کے متعلق کچھ علم ہوا - - - -

**Mr. Chairman :** Any gentleman on behalf of the Minister concerned ?

**راؤ عبدالستار :** پچھلے دنوں اسپر بحث ہو چکی ہے - لا منسٹر موجود نہیں تھے - مصروفیت کی وجہ سے ان سے صلاح مشورہ نہیں کیا جا سکا -

**Mr. Chairman :** You want to keep it pending or you want to discuss it. It is upto you.

**خواجہ محمد صفدر :** کوئی بات نہیں ، جب پیر زادہ صاحب آئینگے - اسکو اسوقت زیر بحث لے آئیں گے -

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Mr. Chairman, I would like one clarification. Now, this is being made to stand over because the Law Minister is not here. I read in paper that the Interior Minister was not here, therefore, some kind of objection was......

**Mr. Chairman :** No, it was not because of your absence.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** It is on Baluchistan. This Committee is going to Baluchistan.

**Mr. Chairman :** That is another one. Rao Sahib, what is your opinion about this present motion.

**راو عبدالستار :** اگلے دن کے لئے اسے رہنے دیں - پیر زادہ صاحب سے صلاح مشورہ کرنے کے بعد اسپر بحث کر لیں گے -

**Mr. Chairman :** Do you agree ?

**خواجہ محمد صفدر :** بجا ہے -

**Mr. Chairman :** All right, deferred.

**راؤ عبدالستار :** پیر زادہ صاحب سے مشورہ کرنے کے بعد کمیٹی بنا دیں گے -

**Mr. Chairman :** Mr. Abdul Qaiyum Khan, this is with regard to the composition of the Special Committee to frame Rules. Now, this one comes from Mr. Shahzad Gul. It was never moved.

**Mr. Shahzad Gul :** I moved it but it was deferred due to the absence of the Home Minister.

**Mr. Chairman** : Now, the Minister concerned is present in the House. No votes are to be taken on it. If you had moved the motion you just start with it. It has simply to be disposed of.

**Mr. Shahzad Gul** : It is about the formation of a Special Committee.

**Khawaja Mohammad Safdar** : This is about the formation of a Special Committee under rule 173. It is a substantive motion.

**Mr. Chairman** : All right, you just start but first read out the motion.

## MOTION RE : FORMATION OF SPECIAL COMMITTEE TO TOUR BALUCHISTAN AND SUBMIT DETAILED REPORT

**Mr. Shahzad Gul** : That a Special Committee under Rule 173 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, consisting of the following Senators be formed :

1. Mr. Mohammad Hashim Ghilzai,
2. Khawaja Mohammad Safdar,
3. Mr. Zulfiqar Ali Shah Jamote,
4. Mr. Abdul Wahid Kurd,
6. Rao Abdus Sattar,
7. Mr. Ahmed Waheed Akthar,
8. Agha Ghulam Nabi Khan,
9. Mr. Zafar Ahmad Qureshi, and
10. Mr. Hazoor Bakhsh.

The Committee should visit the Province of Baluchistan and after extensive tour submit a detailed report to the Senate about the political and law and order situation in that Province.

**جناب شہزاد گل** : جناب والا ! بلوچستان کا مسئلہ گذشتہ ایک سال سے سینٹ اور نیشنل اسمبلی میں بحث کا موضوع بنا ہوا ہے اور خصوصاً اس اجلاس کے دوران بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال کے متعلق کافی التوا کی تحریکیں پیش کی گئیں لیکن وہ ٹیکنیکل وجوہات کی بناء پر مسترد کر دی گئیں ۔ اس وقت پاکستان کا ہر شخص بلوچستان کے متعلق پریشان ہے ۔ وہ ان حالات واقعات کو معلوم کرنا چاہتا ہے جو بلوچستان میں روز مرہ رونما ہو رہے ہیں ۔ جناب والا ! گذشتہ ۱۴

اپریل کو وفاق حکومت کی طرف سے ایک کانفرنس کے بعد ایک پریس اسٹیٹمنٹ جاری ہوا تھا جس میں دو باتیں تھیں - ایک یہ کہ بلوچستان میں عام معافی کا اعلان ہوا تھا - دوسرا یہ کہ ۱۵ مئی کے بعد فوجی کاروائی نہیں کی جائے گی لیکن جہاں تک عام معافی کا تعلق ہے - اسی معافی کا تعلق ہے - اسی معافی سے بلوچستان کے ایک شخص کو بھی فائدہ نہیں پہنچا کیونکہ وہ معافی مشروط تھی کہ اگر ان لوگوں پر مختلف نوعیت کے فوجداری مقدمات نہ ہوں گے تو انہیں معاف کیا جائے گا ورنہ جیل میں رہیں گے - اس وقت بلوچستان میں تقریباً پانچ ہزار سے زائد افراد جیل میں ہیں ان میں سے ایک بھی ایسا شخص نہیں ہے جو کسی نہ کسی فوجداری نوعیت کے مقدمے میں ماخوذ نہ ہو بلکہ یہاں تک کہ بلوچستان کے وہ سابقہ لیڈر جو وزیر اعلیٰ گورنر اور وہاں کی صوبائی اسمبلی اور سینٹ کے ممبر ہیں - وہ بھی جو فوجداری نوعیت کے مقدمات میں پھنسے ہوئے ہیں - لہذا ان میں سے کوئی شخص بھی ابھی تک جیل سے باہر نہیں آیا اور جہاں تک فوجی کاروائی کا تعلق ہے - ہم نے یہاں پر تحریک التوا پیش کیں کہ اس پر بحث کی جائے - لیکن وہ ٹیکنیکل گراؤنڈ کی وجہ سے مسترد کر دی گئیں کیونکہ ہمیں یہ شک تھا کہ گورنمنٹ کا یہ اعلان نیک نیتی پر مبنی نہیں ہے اور ہمارا شک درست ثابت ہوا ہے کیونکہ ۱۵ مئی کے بعد فوجی کاروائی جاری رہی اور اب بھی بلوچستان میں بمباری اور فوجی کاروائی ہو رہی ہے اس لیے ہمارا یہ موقف ہے کہ وہاں بمباری ہو رہی ہے اور ہم نے اس کے متعلق تحریک التوا پیش کیں لیکن وہ مسترد کر دی گئیں اور دوسری طرف بلوچستان کے متعلق حکومت کا یہ موقف ہے کہ وہاں پر Law and Order کا مسئلہ نہیں ہے اور اس اعلان کے بعد لوگ پہاڑوں سے واپس آ رہے ہیں اور وہ ہتھیار surrender کر رہے ہیں گذشتہ دنوں محترم وزیر اعظم صاحب نے بلوچستان کا ایک لمبا چوڑا دورہ کیا ہے اور اس دورے کے دوران محکمہ اطلاعات کی طرف سے جو خبریں پریس ریڈیو اور ٹی وی سے ہم تک پہنچی - اس میں بتایا گیا - کہ وہاں پر لوگوں نے وزیر اعظم کے ہاتھ چومے - ان کا بڑا احترام کیا اور شاندار استقبال کیا لہذا وہاں Law and Order کا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن دوسرے دن ہم نے دیکھا کہ حکومت یہ کہتی ہے کہ وہاں جب وزیر اعظم کا جلسہ تھا تو اس جلسے میں بم پھٹے - وہاں پر ایک شخص نے اپنے جسم پر بم باندھا ہوا تھا - وہ ٹائم بم تھا اور وہ بم پھٹا - تو جناب والا ! ایک طوف حکومت کا یہ موقف ہے کہ وہاں پر وزیر اعظم کے دورے کو ناکام بنانے کے لیے کافی تخریبی کاروائیاں ہوئیں - اور ساتھ ہی گورنمنٹ یہ بھی تسلیم نہیں کرتی کہ بلوچستان میں اب کوئی گڑ بڑ ہے - دوسری طرف اپوزیشن کا یہ

موقف ہے کہ بلوچستان جل رہا ہے - گذشتہ ایک سال سے بلوچستان میں ایک بھی دن ایسا نہیں گذرا - جس دل وہاں کہیں نہ کہیں Law and Order کا مسئلہ پیدا نہ ہوا اور شدید قسم کی فوجی کاروائی نہ کی گئی ہو - اور خصوصاً مری اور بگٹی کے علاقے میں تو ایسے واقعات ہو رہے ہیں کیونکہ وہاں پر لوگ پہاڑوں پر گئے ہوئے ہیں - جناب والا ! نہایت افسوس کی بات ہے کہ اس بیسویں صدی میں ایسے واقعات ہو رہے ہیں اور اسلام کے نام پر حاصل کیے ہوئے اسلامی ملک میں ہو رہے ہیں جناب والا !پاکستان میں تیرہ آدمی پانی کے چشمے پر کھڑے ہیں اور پیاس سے مر گئے - ان کو پانی نہیں دیا گیا - - -

**جناب عبدالقیوم خان :** کس سے مر گئے ؟

**جناب شہزاد گل :** ان کو پانی نہین دیا کربلا کے واقعات یہاں دوہرائے جا رہے ہیں - وہاں ہر جگہ یہ پابندی لگائی ہوئی ہے ، جناب والا ; وہاں ایسے ایسے ہولناک واقعات ہو رہے ہیں - جن کا ذکر میں اپنی زبان پر نہیں لانا چاہتا - گذشتہ دنوں میں ایک میٹنگ کے سلسلے میں وہاں پر گیا ہوا تھا - وہاں مجھے باہر جانے کی تو اجازت نہیں دی - اس لیے میں نے یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے کہ وہاں پر ایک کمیٹی کو بھیجا جائے - جس کو پھرنے کی آزادی ہو - جناب والا ! یہ مچھ جیل کا ایک واقعہ ہے - ایک آدمی کی دو بچیاں تھیں اور وہ جیل میں تھا - اس کی بچیوں کو اس کے سامنے کیا گیا اور اس سے کہا کہ اقبال جرم کر لو ورنہ تماری بچیوں کو قتل کر دیا جائے اور اس دھمکی میں ایک بچی کی گردن پر چھری پھیر دی اور وہ بچی اس کے سامنے ہلاک ہو گئی - تو ایسے واقعات وہاں ہو رہے ہیں -

جناب والا ! گذشتہ دنوں یہاں پر ہمارے وزیر مملکت برائے دفاع نے ایک تحریک التوا کا جواب دیتے ہوئے یہ تسلیم کیا تھا - کہ جو فوجی کارروائی نہ کرنے کا اعلان گورنمنٹ نے کیا تھا - that is no longer frozen انہوں نے کہا کہ ہم جوابی کارروائی کریں گے - یعنی انکا یہ اعلان کہ 15 مئی کے بعد army action نہیں ہوگا اب یہاں اس پر عمل درآمد نہیں ہوگا - - - اب یہ سننے میں آیا ہے کہ 15 اکتوبر تک لوگ آ جائیں کوئی آتا ہے یا نہیں ؟ جناب والا ! یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جب کسی پارٹی کا یا قبیلے کا سردار یا ان کے لیڈر جیلوں میں ہوں تو پھر قیادت ناپسندوں اور سرپسندوں کے ہاتھ میں چلی جاتی ہے اور پھر اس کے بعد ناخوشگوار حالات اور بدامنی یقینی امر ہے - تو جناب والا - میں مختصراً یہ عرض کرونگا کہ سینٹ بھی ایک ذمہ دار ادارہ ہے - نیشنل اسمبلی سے

ایک وفد بلوچستان بیجھا گیا تھا اس وفد نے وہاں کے حالات کا جائزہ لیا اور پھر یہاں آ کر اپنی رپورٹ نیشنل اسمبلی میں پیش کی اور اس پر بحث ہوئی لیکن اس دوران میں سینٹ کا کوئی وفد نہیں گیا ہے جو تحریک التوا پیش کی جاتی ہے گورنمنٹ کی جانب سے اس کی مخالفت کی جاتی ہے اور اس پر بحث کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی لیڈر آف دی اپوزیشن نیشنل اسمبلی میں لیڈر آف دی اپوزیشن اور میں خود بھی وہاں گیا ہوں جناب والا ! میں یہ پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہاں مری اور بگتی کے علاقوں کا دورہ کرنے کیلئے ہمیں اجازت نہیں دی گئی - وہاں کے حالات معلوم کرنے کیلئے ہمیں اجازت نہیں دی میری یہ گذارش ہے کہ سینٹ کی جانب سے معزز ممبر صاحبان وہاں بلوچستان میں جائیں خاص طور پر مری کا علاقہ لسبیلہ کا علاقہ اور پشتون آباد کا علاقہ ہے - - - وہاں پر ہم دیکھ لیں گے کہ کیا واقعی فوج وہاں پر سکول کی تعمیر میں مصروف ہے سڑکیں بنا رہی ہے - اور ہسپتال بنا رہی ہے یا وہاں کے مسلمانوں کو ذلیل و خوار کیا جا رہا ہے ان کے سینوں کو گولیوں سے چھلنی کیا جا رہا ہے - جناب والا ! یہ سب کچھ ہم وہاں جا کر دیکھ لیں گے آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں ہم آپ کو وہاں دیکھائیں گے کہ بلوچستان میں کیا حالات ہیں اور کتنی لمبی سڑکیں بنی ہیں جناب والا ! یہ ایسے حالات میں جنکا حل صرف باتوں سے نہیں ہو سکتا اب باتوں سے کام نہیں چلے گا اس کیلئے ملاحظہ اور معائنہ نہایت ضروری ہے - ابھی گذشتہ دنوں یہاں پر ہنگامی حالات میں توسیع کیلئے بل پیش ہوا تو اس کے دوران میں جناب رفیع رضا صاحب نے دلائل دیتے ہوئے فرمایا کہ ”یہ کہا جا رہا ہے کہ بلوچستان جل ہے اور اس کے باوجود بھی Opposition ایمرجینسی حالات جاری رکھنے کی مخالفت کر رہی ہے“ لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بلوچستان جل رہا ہے مگر Emergency ایک علیحدہ تشویش ہے - - - جناب والا ! ابھی گذشتہ دن ہمارے وزیراعظم صاحب نے کراچی میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ بلوچستان اب بین الاقوامی سازشوں کا مرکز بن چکا ہے وہاں پر حالات normal نہیں ہیں تو ایسے حالات میں جناب والا ! یہ ضرووی ہو جاتا ہے کہ سینٹ جو کہ پاکستان کی قانون سازی کا ایوان بالا ہے ، اس سے بھی ایک وفد وہاں پر جائے اور وہاں کے حالات معلوم کر کے اس کے متعلق Report تیار کریں اور یہاں اس پر بحث ہو - اس سے تحریک التوا کی ضرورت کا اندازہ ہو جائیگا اور میری اس Resolution کی اہمیت کا بھی علم ہو جائیگا - اسطرح سینٹ کے معزز اراکین کو بلوچستان کے صحیح حالات کا پتہ چلے گا - لہذا میں معزز ایوان سے مودبانہ گذارش کرونگا کہ میں نے ایک کمیٹی کی تجویز پیش کی ہے جو اس سلسلے میں وہاں کے حالات معلوم کر کے رپورٹ پیش

کرے اور پھر اس رپورٹ پر اس معزز ایوان میں بحث ہو ۔ میرے خیال میں میرے معزز دوست اور اراکین میری اس بات کو تسلیم کریں گے اور محترم وزیر داخلہ صاحب بھی اس کی مخالفت نہیں کریں گے کیونکہ اس سے بہتر موقع کوئی اور نہیں ہو گا اس لئے میں پھر گذارش کرونگا کہ ایک کمیٹی تشکیل کی جائے ۔ شکریہ

**جناب چیئرمین :** مفتی صاحب !

**مفتی ظفر علی نعمانی :** میں چند منٹ سے زیادہ نہیں لونگا یہ صحیح اور جائز ہے ۔ اگر ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اور ہر صوبہ کے سینٹ سے نمائندے لئے جائیں اور نمائندے وہاں جا کر حالات کا صحیح اندازہ لگائیں کہ کیا واقعی وہاں بلوچستان میں ایسی صورتیں ہیں یا چند شرپسند یہ کر رہے میں یا وہ لوگ اپنے حقوق کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں ۔ جناب والا ! یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آخر مسلمانوں کے ہاتھوں مسلمانوں کو کیوں قتل کروایا جا رہا ہے اسلام میں اور قرآن حکیم میں اس ضمن میں ارشاد ہے کہ جس نے کسی مومن کو قتل کیا اسے روز جزا معاف نہیں کیا جائے گا ۔ دونوں طرف مسلمان ہیں ۔ جناب والا ! یہ کمیٹی مرتب کی جائے اور اس کمیٹی کے لوگ وہاں کے حالات کا جائزہ لیں وہاں شہروں میں جائیں بلکہ گاؤں اور دیہاتوں میں جائیں اور وہاں کے حالات معلوم کریں اس کمیٹی کو پہاڑوں پر جانے کی اجازت دی جائے چونکہ پہاڑوں سے صحیح طریقے سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں ۔ اور ان لوگوں سے یہ پوچھ سکتے ہیں کہ میرے بھائی دوستوں یا ہمارے نوجوانوں آخر آپ پاکستان کی سلامتی کے خلاف کیوں سوچ رہے ہو ؟ جناب والا !ہو سکتا ہے کہ اسطرح وہاں کے حالات سلجھنے کی صورت پیدا ہو اسلئے اس سلسلے میں پوری کوشش اور سعی ہونی چاہیے تاکہ اس سے کوئی صحیح اچھا اور نیک حل نکل سکے ۔ یہ ایک بڑی بری سی بات ہمارے ملک میں ہو رہی ہے اور کسانوں کے خلاف یہ چیزیں ہو رہی میں ۔ ایک کے خلاف دوسرا ہتھیار اٹھائے ہوئے ہے اور ہتھیار استعمال کر رہا ہے ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی ہے کہ ہماری حکومت معمولی معمولی باتوں کے لیے فوج کو کیوں استعمال کو رہی ہے ۔ جب مرزائیت کا مسئلہ پیدا ہوا ۔ اس وقت پاکستان کی فوج کو پھیلا دیا گیا تھا ۔ آخر یہ کچھ تو سمجھنے کی بات ہے ۔ میں نے بھی سفر کیا ایک یہی علاقہ ہو سانگلا اور دیہاتوں اور گاؤں ہر جگہ فوج بیٹھی ہوئی ہے ۔ جس کی وجہ سے لوگ سخت ہراساں اور پریشان ہیں ۔ آخر فوج اس کام کے لیے تو نہیں بنائی گئی ہے ۔ کہ یہ ان کو ڈرائے دھمکائے ۔ فوج کا اور کام ہوتا ہے ۔ یہ کام نہیں ہوتا ۔ کہ ہر وقت معمولی سی بات ہر باہر نکل آئے ۔ میدانوں میں نکل آئے ۔ اپنے ہی لوگوں کے

خلاف اپنے ہی ہتھیار اور اپنی ہی گولیوں کو ضائع کرے - اور اپنے ہی سرمائے کو ضائع کرے - تو اس مسئلے پر میرے خیال میں بڑی سنجیگی سے غور کرنا چاہیے - ہمیشہ کے لیے اس بات کی کوشش ہونی چاہیے - معمولی معمولی باتوں پر فوج کو نہ استعمال کیا جائے - جب سول انتظامیہ پولیس موجود ہے - سکیورٹی فورس موجود ہے - اس کے لیے فوج کو میدانوں میں بھیج دیا جاتا ہے - شہروں اور گاؤں میں بھیج دیا جاتا ہے - جس کی وجہ سے لوگوں کو سخت تکالیف کا سامنا کر پڑتا ہے - اور لوگ سخت ہراساں ہو رہے ہیں - ایک بلوچستان کا مسئلہ نہیں ہے - آج پنجاب کے چپے چپے میں فوج پہنچ چکی ہے - گاؤں گاؤں میں فوج گھوم رہی ہے - آخر اس کا نوٹس نہیں لیا جاتا ہے - اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جاتی ہے - پھر ہم لوگوں پر سینٹ کے اور اسمبلی کے ممبروں پر لوگ لعن طعن کرتے ہیں - ان کو گالیاں دیتے ہیں - کہ تم لوگ سینٹ اور اسمبلی میں بیٹھ کر کیا کاروائی کر رہے ہو - کیا کام کر رہے ہو - اور اس مسئلے کی کوئی چیز تم حل نہیں کر سکتے ہو - تو اس کے لیے میرا جہاں تک خیال ہے آپ نہایت ہمدردی کے ساتھ ضرور حکومت کے لوگوں پر زور دیں اور ایک کمیٹی مقرر کی جائے کہ اندر جائیں اور حالات کا جائزہ لیں اور حالات کو سدھانے کی کوشش کریں - سلام علیکم -

**جناب طاہر محمد خان :** جناب والا ! میں بھی امنڈمنٹ ہے کمیٹی جو بنائی جائے وہ پنجاب اور بلوچستان دونوں کا دورہ کریں - اس لئے جناب والا ! پہلے امنڈمنٹ کو discuss کرنا چاہیئے -

**Mr. Chairman :** Yes, Khawaja Saheb.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! فارسی زبان کا ایک مقولہ ہے -

آن را کہ حساب است زر محاسبہ چہ باک

اگر ہماری گورنمنٹ کا ضمیر صاف ہے - [***] تو کوئی وجہ نہیں کہ محترم وزیر داخلہ محترم شہزاد گل صاحب کی - - -

**Mr. Qaiyum Khan :** I object to this sort of thing.

آپ ان لوگوں کو ڈیفنڈ کرتے ہیں جو لوگوں کو قتل کرتے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ذرا اندازہ فرمائیں کیا میں ان کی وکالت کر رہا ہوں ؟

[* * *] Expunged as ordered by the Chairman.

جناب عبدالقیوم خان : آپ قاتلوں کی وکالت کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : جس کو آپ قاتل سمجھتے ہیں میں انہیں محب وطن پاکستانی کہتا ہوں ۔

جناب عبدالقیوم خان : آپ وہاں جائیں آپ کو بھی ٹھنڈا کر دیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر : میں وہاں جانے کے لیے تیار ہوں ۔

جناب عبدالقیوم خان : آپ جائیے بڑی خوشی سے جائیے آپ کو کون منع کرتا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : تو آپ کو اس میں کیا اعتراض ہے ؟

جناب عبدالقیوم خان : ایک غلط بیانی ایک معزز سنیٹر پاکستان کی فوج کے متعلق کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : میں نے پاکستانی فوج کا نام نہیں لیا ۔ میں پاکستان گورنمنٹ کی بات کر رہا ہوں ۔ وزیر داخلہ غلط کہہ رہے ہیں ۔

جناب عبدالقیوم خان : میں ٹھیک کہہ رہا ہوں ۔ آپ کی عادت ہے اپنے ملک پر حملے کرنا اپنی فوج پر حلے کرنا اپنی گورنمنٹ پر حملے کرنا ۔

خواجہ محمد صفدر : میں گورنمنٹ پر حملہ کر سکتا ہوں ۔

جناب عبدالقیوم خان : اچھا کرو ۔

خواجہ محمد صفدر : مجھے آپ کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے ۔

**Mr. Qaiyum Khan :** These remarks should be expunged.

خواجہ محمد صفدر : میں نے فوج کا نام نہیں لیا آپ غلط کہتے ہیں ۔

جناب طاہر محمد خان : by inference یہ فوج پر الزام ہے ۔ اس لیے اس کو ایکسپنج کیا جانا ضروری ہے ۔ اپنے وطن کے بچوں کے اپنے وطن کی بچیوں کے خون سے آپ لوگوں کے ہاتھ رنگے ہوئے ہیں ۔ by inference یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ہماری فوج کے ہاتھ رنگے ہوئے ہیں ۔

**Mr. Chairman .** Both of you please listen to me. Any reference to army action, if made by Khawaja Mohammad Safdar stands expunged.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No reference was made to the army action, Sir.

**Mr Chairman** : If you have not made it, well and good, but if it has been made, it stands expunged.

**خواجہ محمد صفدر :** تو میں یہ عرض کر رہا تھا -

( مداخلت )

**Mr Chairman** : It is my personal request that don't bring in the army. Any reference to army must be avoided.

**خواجہ محمد صفدر :** تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ہماری گورنمنٹ بلوچستان میں کوئی ظلم اور تشدد نہیں کر رہی ہے - اگر ہماری گورنمنٹ وہاں گانوں کو نہیں چلا رہی ہے - اگر ہماری گورنمنٹ وہاں لوگوں پر پانی بند نہیں کر رہی ہے تو اس کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے کہ اس معزز ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی سرکاری طور پر اس معزز ایوان کے نائندے کی حیثیت سے اس علاقے کا پاکستان کے اس حصے کا دورہ کرے اور اپنی آنکھوں سے حالات کو دیکھے - جناب والا ! حالیہ سیشن میں کم و بیش ہوا روز بلوچستان کا مسئلہ کسی نہ کسی شکل میں ہم نے اٹھانے کی کوشش کی اکثر بیشتر تحریکیں کسی فنی وجوہ کے سہارے پر رد کر دی گئیں - اور حکومت نے ہمیں اس مسئلہ پر بحث کرنے سے سوحیلوں سے یا ہمارے بتائے ہوئے واقعات کو غلط بتا کر جو کہ انہیں حق حاصل ہے - ہمیں بحث کرنے کی اجازت نہ دی - ایسے حالات میں اس طرف بیٹھے ہوئے دوستوں اور ہمارے مابین بلوچستان کے حالات ایک مسئلہ بن گئے اور وہ مسئلہ کیا ہے - وہ یہ ہے کہ کیا کوئی ظلم اور تشدد حکومت کی جانب سے بلوچستان میں ہو رہا ہے یا نہیں - اب اس کا فیصلہ کیسے کیا جائے اس کا فیصلہ اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ میرے معزز دوست جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں اور میرے وہ دوست جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں ، مشترکہ طور پر مل کر اور قوم کی فلاح اور بہبود کی خاطر ، اس ملک کے مستقبل کی حفاظت کرنے کی خاطر ، اس ملک کی سلامتی اور بقا کی خاطر ، اس علاقے کا دورہ کریں ، حالات کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور پھر اس معزز ایوان میں اپنی رپورٹ ، حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کریں تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ بلوچستان میں کیا ہو رہا ہے - جناب والا ! اکثر و بیشتر اوقات سننے اور دیکھنے میں آیا ہے کہ حکومت کی طرف سے جب انہیں ضرورت ہوتی ہے مثلاً جب ایمر جنسی کو extend کرنا ہوتا ہے تو بلوچستان کا مسئلہ کھڑا کر دیا جاتا ہے اور جب اپوزیشن کہتی ہے کہ بلوچستان جل رہا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ وہاں تو ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہے - اس لئیے اس مسئلہ کی کوئی اہمیت نہیں ہے - دوسری طرف

واقعات یہ ہیں - اس معزز ایوان میں بار بار سوالات کے جواب میں ، تحاریک التواء کے جواب میں یہ امر وزارتی بنچوں نے تسلیم کیا ہے کہ سبی کے ہرنائی تک ہم اپنی ریلوے لائن کو استعمال نہیں کر سکتے۔

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** This is a mis-statement.

**KhawajaMohammad Safdar :** This is not a mis-statement.

**Mr. Chairman :** Is this denied ?

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Yes, it is denied.

**Mr. Chairman :** He has denied it, Khawaja Sahib. But you do not attribute this statement to the Minister that he had said this. He denied it.

**Mr. Abdul Qaiyum Khau :** I don't know it and you have no right to ascribe such things to me which I have not said. This a preposterous untruth which is being uttered on the floor of the House.

**Mr. Chairman :** Please don't attribute anything to the Honourable Minister.

**خواجہ محمد صفدر :** میں منسٹر صاحب کا ذکر ہی نہیں کروں گا - غالباً بہتر ہی یہ ہے -

**جناب عبدالقیوم خان :** آپ کی خیر اسی میں ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** میں خیر سے ہوں - خان صاحب میری خیر کی ذرا داد دیجیے - آپ نے بڑا کارنامہ کیا ہے -

**Mr. Chairman :** Don't get provoked.

**خواجہ محمد صفدر :** مجھے تو غصہ آتا نہیں -

**Mr. Chairman :** You may be on the list but you have gone to jail several times.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** Avoid introducing such things.

**خواجہ محمد صفدر :** لیکن میں نے معافی کبھی مانگی نہیں - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - تو جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا اس وقت صورت حال یہ ہے کہ سبی سے ہرنائی تک ریلوے لائن استعمال نہیں کی جاسکتی اور سوالات کا جواب دینے

ہوئے اس ایوان میں حکومت کے نمائندں نے یہ بات تسلیم کی ہے اس سے پیشتر اس لائن کو جاری رکھنے کے لئے گاڑیوں کے ساتھ ہلی کاپٹر چلائے جاتے رہے لیکن وہ تجربہ بھی ناکام رہا - میں وثوق سے کہتا ہوں کہ کوئٹہ سے لے کر سبی تک کوئی پسنجر ٹرین رات کے وقت آج بھی سفر نہیں کرتی - جہاں شام ہو تی ہے وہیں گاڑی کھڑی کر دی جاتی ہے - اور جو گاڑی دن کے وقت بھی چلائی جاتی ہے وہ فوج کی حفاظت میں چلائی جاتی ہے - موجودہ گورنر بلوچستان نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ سارے بلوچستان ہیں شام کے بعد دن ڈھلے کوئی شخص اپنے گھر سے نکل نہیں سکتا - کوئٹہ شہر میں شام یعنی غروب آفتاب کے وقت ایک سناٹا ہوتا ہے - جناب چئیرمین ! وہاں ایسے حالات ہیں اور ابھی تین چار روز ہوئے یہ خبر آپ کی نظر سے بھی گزری ہوگی کہ ایک بھارتی جرنیل نے کہا ہے کہ اب بلوچستان اور سرحد کے معاملات میں ہماری فوجی مداخلت - - - -

**جناب طاہر محمد خان :** یہ تو ایک سکھ لیڈر نے کہا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** وہ جرنیل ہے -

**راؤ عبدالستار :** خواجہ صاحب کو زیادہ پتہ ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** میں واقعات کو جاننے کی کوشش کرتا رہتا ہوں اور اپنے دوستوں کی طرح وقت ضائع نہیں کرتا - ٹھیک ہے وہ سکھ ہے وہ جرنیل ہے - تو اس نے کہا کہ آپ ہماری فوج کی مداخلت کرلنا باقی ہے - جب ہمارے دشمنوں کی نظریں اس طور پر ہمارے اس نہائت ہی اہم علاقے پر لگی ہوئی ہوں - وہ اس ملک کے حصے بخرے کرنے پر تلے ہوئے ہوں - آدھا ملک تو انہوں نے چھین لیا - وہ باقی ملک کو بھی توڑنے پر بضد ہیں - اس صورت حال میں ہر پاکستانی کی دلی خواہش ہے کہ اس ملک میں اتحاد ہو - اتفاق ہو - محبت ہو - پیار ہو اور ان ملک کے مختلف حصے یگانگت اور خلوص اور محبت کی لڑی میں پروئے ہوئے ہوں اور یہ کس طرح ممکن ہے ؟ یہ اس طرح ممکن نہیں کہ ہم کسی ایک علاقے کو گورنمنٹ ظلم و تشدد کا نشانہ بنائے اور جیسا کہ ہماری جانب سے گزشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران بار بار یہ کہا جاتا رہا کہ بلوچستان ظلم و تشدد کو روا رکھا جارہا ہے - تو اس طرح دل نہیں جیتے جاسکتے - دل خلوص - محبت اور حسن سلوک سے جیتے جاتے ہیں - تو کوئی وجہ نہیں - بلوچ ہمارے بھائی ہیں - وہ پاکستانی ہیں اور محب وطن ہیں - جناب والا ! ابھی اگلے روز میرے ایک محترم دوست نے جو اس طرف بیٹھے ہیں ہائی کورٹ

میں یہ حلفی بیان داخل کیا ہے کہ ۲ مئی کو محترم وزیر اعظم صاحب نے محترم عطاء اللہ مینگل کو جب وہ سہالہ ریسٹ ہاؤس میں قید تھے - اپنی رہائش گاہ پر طلب فرمایا اور کہا کہ اس کا کوئی حل نکا لو - اور میری اطلاع کے مطابق انہیں یہ کہا گیا کہ این - اے - پی اور جے - یو - آئی کی وزارت کو بحال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ پیپلز پارٹی کو اس میں شامل کر لیا جائے - اگر ان کے محب وطن یا غیر محب وطن ہونے کا - بلکہ میں کہوں گا کہ غدار ہونے کا معیار یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کو وزارت میں شامل کیا جائے تو سردار عطاءاللہ مینگل محب وطن اور وہ ایسہ کرنے سے انکار کرے تو غدار تو لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ صلح کی شرائط کیا ہیں - عطاء اللہ مینگل کو ہر روز کہا جاتا ہے کہ وہ غدار ہے - بزنجو کو کہا جاتا ہے کہ وہ غدار ہے لیکن صلح کی شرط یہ ہے کہ اگر وہ باوچستان میں پیپلز پارٹی کو اپنے ساتھ شریک اقتدار کر لیں تو پھر ان کی غداری ختم اور پھر وہ بھی بڑے محب وطن بن جائیں گے - میں حیران ہوں کہ آخر حکومت کا غداری اور حب الوطنی پر رکھنے کا معیار کیا ہے - - - -

**Mr. Chairman :** Are we not going very far from the subject-matter?

**خواجہ محمد صفدر :** جناب ! میں ختم ہی کر دیتا ہوں - شائد یہ مسئلہ بھی تلخ ہے اور میرے جذبات بھی خاصے تلخ ہیں -

**Mr. Chairman :** It can't be unpleasant to me, but we are going away from the subject-matter of the discussion.

**خواجہ محمد صفدر :** تو میں یہ گذارش کروں گا کہ اس مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر اگر یہ معمولی مسئلہ ہوتا - کوئی معمولی فساد ہو رہا ہوتا - جھگڑا ہو رہا ہوتا تو کب کا ختم ہو گیا ہوتا - وہاں کوئی لوکل مجسٹریٹ یا سیشن جج انکوائری کرکے حکومت کو رپورٹ دے دیتا - ہر روز ایسی معمولی باتیں ہوتی رہتی ہیں - لیکن اس مسئلہ کے بارے میں اس ملک کے عوام اس مطالبہ میں حق بجانب ہیں کہ انہیں صحیح صورت حال کا پتہ چلے - اس کا ایک اور صرف ایک ہی طریقہ ہے - جیسے کہ میرے دوست نے کہا ہے کہ اس معزز ایوان کے ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے اور اس کمیٹی کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ بلوچستان میں جہاں کہیں وہ چاہے جا کر خود حالات معلوم کر سکے اور لوگوں سے معلوم کر سکے اور اس کے بعد اس ایوان کے سامنے اس کمیٹی کی رپورٹ آئے تاکہ اس ملک کے عوام کو تسلی ہو کہ وہاں اصل صورت حال کیا ہے - جب تک آپ اس ملک کے عوام کو

اعتماد میں نہیں لیتے اور ان کے سامنے صحیح صورت حال پیش نہیں کرتے اس وقت تک وہ اپنا صحیح فیصلہ دینے سے قاصر ہیں - جب صحیح حالات ان کے سامنے پیش کیے جائیں گے تب ہی وہ اس کے متعلق صحیح فیصلہ کر سکتے ہیں - لیکن اگر حالات غلط پیش کیے جائیں تو ان کا فیصلہ بھی غلط ہو گا ور اس ملک کی بقا اور سلامتی خطرے میں پڑی رہے گی - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے دوست کی اس تجویز کی پر زور تائید کرتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** راؤ عبدالستار

**جناب راؤ عبدالستار :** جناب چیئرمین ! ابھی محترم سینیٹر شہزاد گل صاحب نے اس معزز ایوان میں تحریک پیش کی ہے کہ بلوچستان کے مسئلہ کے لیے رول ۱۷۳ کے تحت ایک کمیٹی بنائی جائے جو موجودہ صورت حال کا جائزہ لے کر رپورٹ دے جناب والا ! اس سے پہلے قومی اسمبلی سے بھی ایک ایسی کمیٹی بنائی گئی تھی جس کی رپورٹ منظر عام آ گئی ہے - قومی اسمبلی میں یہ مسئلہ کافی دیر تک بحث کا موضوع بنا رہا جس کا نتیجہ وہ ہوا جیسا کہ حزب اختلاف کے ممبران نے اس ہاؤس کو بتایا ہے جو بلوچستان کے مسئلہ پر مگرمچھ کے آنسو بہاتے ہیں میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کہاں کی حب الوطنی ہے - یہ کہاں کے دعویدار ہیں کہ وہ پاکستانی ہیں اور موجودہ حکومت اس مسئلے کو پیچیدہ بنا رہی ہے اور بلوچستان کے حالات کو خراب کر رہی ہے - موجودہ حکومت تو پاکستانی اور عوامی حکومت ہونے کی وجہ سے سارے صوبوں سے یکساں سلوک کر رہی ہے - موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے جو کچھ ممکن ہو سکا کیا ہے اور مزید کوشش کررہی ہے - یہ کہاں کا انصاف ہے کہ حزب اختلاف کا ایک لیڈر راتوں رات پاکستان سے دوڑ جاتا ہے اور ایک دوسرے ملک میں بیٹھ کر اس ملک کے خلاف سازشیں کرتا ہے اور آئے دن وہاں تخریب کاروں کو ٹریننگ دی جاتی ہے جو تخریبی کاروائیاں کرنے کے لیے پاکستان میں آ جاتے ہیں - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خواجہ صاحب نے کہا ہے کہ وہاں ریلوے لائن کام نہیں کرتی - کاش وہ یہ کہتے کہ جو لوگ وہاں تخریب کاری کرتے ہیں اور مرتے ہیں وہ تخریب کار ہیں - اس کی بجائے وہ یہ کرتے ہیں کہ جو لوگ پاکستان کے دشمن ہیں ان کے لیے معمولی معمولی باتوں پر تحاریک التواء کار لاتے ہیں - کاش حزب اختلاف والے یہ کہتے کہ ہم نے تخریب کاروں کو مار کر اچھا کیا ہے جو اس ملک کے دشمن ہیں - خواجہ صاحب کو پتہ ہونا چاہیے کہ اس ملک کو جتنی قربانیاں دے کر بنایا گیا تھا - اب اس باقی پاکستان کو بچاؤ -

کوئی کچھ سازشیں کر رہا ہے - کوئی کسی کو پیغامات بھیج رہا ہے - کوئی کسی کو ٹریننگ دے رہا ہے - خدا کے واسطے اس بچے کچے پاکستان پر رحم کیجئے - - -

ایسے حالات آپ پیدا نہ کریں - اس کو رہنے دیں- ہم سارے پاکستانی ہیں ہمیں مل جل کر اس ملک کی تعمیر کرنا ہے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہم نے کام کرنا ہے اس لیے جناب والا میں بتا رہا تھا کہ بلوچستان میں اگر موجودہ حکومت نے فوج بھیجی ہے تو اس لیے بھیجی ہے کہ وہاں تخریب کاروں ایسے حالات پیدا کیے کہ اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں تھا کہ پاکستان کی سلامتی کے لیے پاکستان کی بقا کے لیے وہاں ملٹری بھیجی جائے - ورنہ ہمارے وزیر اعظم نے ، قائد عوام نے اس ہاؤس میں بھی اعلان کیا - اور اپنی Press Conference میں بھی اعلان کیا کہ military action ختم کر دیا گیا ہے - ملٹری جو ہے وہ وہاں تعمیری کاموں میں مصروف ہے - وہاں سڑکیں بنائی جا رہی ہیں وہاں عام فلاح و بہبود کی چیزیں تعمیر کی جا رہی ہیں - اس وجہ سے جناب والا اب وہاں کوئی action ملٹری کا نہیں ہوا کچھ دوستوں نے کہا ، بارہا ہمارے منسٹروں نے اعلان کیا ہے کہ وہاں کسی قسم کا بمبارمنٹ نہیں ہوئی لیکن پھر یہ بار بار کہا جا رہا ہے کہ بلوچستان پر bombing ہو رہی ہے - وہاں خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے - بلوچستان جل رہا ہے جناب والا افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حالات کو توڑ موڑ کر یہاں پیش کیا جا رہا ہے ورنہ وہاں بالکل امن و امان ہے- وزیر اعظم صاحب نے ابھی بلوچستان کا دورہ کیا ہے اور ایسے ایسے علاقوں میں گئے ہیں کہ جہاں اس سے پہلے کوئی سربراہ مملکت پاکستان کا نہیں گیا - جناب والا ! اس کے بعد جتنے Ambassador ہیں - ساری دنیا کے ہمارے معزز مہمان جو ہیں - انہوں نے بھی بلوچستان کا دورہ کیا ہے انہوں نے اپنی آنکھوں سے بلوچستان کے حالات کو دیکھا ہے جس قسم کے کہ وہاں حالات ہیں جناب والا نیشنل اسمبلی کے معزز ممبر گئے ہیں - ان کی رپورٹ ہے - اب بھی جناب والا اس ہاؤس کے ممبران اگر اپوزیشن کے ممبران وہاں چلے گئے تو میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ انہوں نے وہی رٹ لگا رکھی ہے انہوں نے وہی رپورٹ کرنی ہے- وہاں حالات بڑے خراب ہیں اس کی تہہ میں نہیں جانا ہے اور جو Treasury Benches کے جو ممبران وہاں جائیں گے ان کا یہ موقف ہو گا کہ نہیں وہاں حالات ٹھیک ہیں اس لیے میری استدا ہے کہ کمیٹی مقرر کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا اس کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا اس کا کوئی حاصل نہیں ہو گا - جیسا کہ حالات جو ہیں ، عیاں ہیں - میں ان الفاظ کے ساتھ جناب کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

**Mr. Chairman** : Khan Sahib, you will wind up the debate.

**Mr. Abdul Qayyum Khan** : Yes, I will reply.

**Mr. Chairman** : You will be the last. I would like to have the sense of the House whether we should conclude the debate at 12·00 Noon.

**محمد ہاشم غلزئی** : میں بولوں گا جناب !

**جناب چیئرمین** : آپ تو بولیں گے مگر

There should be some time-limit. It cannot be discussed indefinitely.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** : We may conclude it at one, O'clock.

**جناب چیئرمین** : نہیں ایک بجے نہیں -

**راؤ عبدالستار** : بارہ بجے منسٹر صاحب جواب دیں گے -

**جناب چیئرمین** : بارہ بجے منسٹر صاحب دیں گے تو پھر

We will close the debate at half past twelve.

**خواجہ محمد صفدر** : تین معزز رکن ابھی تقریر کرنا چاہتے ہیں - اب آپ جو مناسب سمجھیں اس کے مطابق کر دیں -

**جناب چیئرمین** : میں تو تیس کو اجازت دے دوں گا لیکن ایک چیز پر بار بار تکرار کرنے سے اس کو repeat کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے اگر کوئی نئی بات ہو پھر تو ٹھیک ہے اور اگر کوئی نئی بات نہ ہو اور اگر وہ ریلوے لائن کو بار بار چلائیں تو پھر ٹھیک نہیں ہے -

**جناب محمد ہاشم غلزئی** : جب ہوائی جہاز کی بات کریں گے -

**جناب چیئرمین** : ہوائی جہاز بھی کافی آ چکے ہیں جا چکے ہیں -

Repetition would not strengthen anybody's case yes, Mr. Zamurad Hussain.

**جناب زمرد حسین** : جناب والا ! اگر ملک میں حالات Normal ہوتے یہاں جمہوری قدروں کی پاسداری کی جا رہی ہوتی - ابلاغ عامہ کے ذرائع آزاد ہوتے اور لوگوں کو یہ مواقع حاصل ہوتے کہ وہ کسی بھی ذریعہ سے اپنے ملک کے حالات سے واقف ہو سکیں تو مجھے یقین ہے کہ بلوچستان کی صورتحال جاننے کے لیے ہمیں کسی ایسی کمیٹی کی تجویز پر غور کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی -

جناب چیئرمین اس وقت سارا ملک بلوچستان کی صورتحال سے بے خبر ہے اس لیے کہ حکومت دیدہ دانستہ وہاں کے حالات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتی ہے تاکہ دوسرے صوبوں کے عوام بلوچستان کے عوام کے اس دکھ ، اس درد اور ان مصائب سے واقف نہ ہو سکیں - جس سے کہ بلوچستان کے عوام دو چار ہیں کیونکہ حکومت کو خطرہ ہے کہ اگر پاکستان کے دوسرے صوبوں کے عوام کو اس صورتحال کا علم ہو گیا تو یقیناً پاکستان کے دوسرے صوبوں کے عوام اپنے بلوچستان کے بھائیوں کی مدد کے لیے آگے بڑھیں گے اور اس حکومت کے لیے بڑی مشکل صورتحال پیدا ہو جائے گی -

جناب والا - اس صورتحال نے پورے ملک میں شک و شبہ کی ایک فضا پیدا کر دی ہے آپ کہیں بھی چلے جائیں جہاں بھی بلوچستان کا ذکر آئیگا - ہر آدمی ایک غیر یقینی صورتحال سے دو چار آپ کو ملے گا - وہ مشکوک ہوگا - وہ نہیں جانتا کہ اصل میں کیا ہو رہا ہے بلوچستان میں —— حکومت کی طرف سے جو Version آتا ہے اس میں اتنی contradiction ہوتی ہے ، اس میں اتنا تضاد ہوتا ہے کہ ان کے اپنے بیانات ہی لوگوں کو شک و شبے میں مبتلا کرنے کے لیے کافی ہیں - اپوزیشن ایک لفظ بھی نہ بولے- دوسری طرف سے ایک بات بھی نہ کہی جائے - تو حکومت نے آج تک جتنی باتیں کی ہیں - وہ بذات خود اس بات کے لیے کافی ہیں کہ پوری قوم کو شک و شبے میں مبتلا کر دیں -

جناب چیئرمین ! آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ کوئی بھی قوم شک وشبے کی فضا میں زیادہ دیر تک زندہ نہیں رہ سکتی - اس ملک کے حالات درست نہیں رہ سکتے - اور جمہوریت کے لیے ، جس ملک میں کہ جمہوریت کا دعویٰ کیا جاتا ہو - وہاں شک و شبے کی فضا ایک زہر کی حیثیت رکھتی ہے جمہوریت وہاں بالکل نہیپ نہیں سکتی - جناب کسی نفرت کے بغیر کسی اشتعال کے بغیر اور بغیر جذبات کے - میں کچھ باتیں آپ کے توسط سے اس ایوان کے سامنے لانا چاہتا ہوں جن سے یہ ثابت ہوگا - کہ بلوچستان کی صورتحال جاننے کے لیے اس معزز ایوان کی کمیٹی بنانا لازمی ہے جناب والا ! میرے جیسا آدمی جو اس بات پر ایمان رکھتا ہو کہ تشدد ایک قابل نفرت عمل ہے وہ تشدد میری طرف سے ہو آپ کی طرف سے ہو ، حکومت کی طرف سے ہو کسی ادارے کی طرف سے ہو - کسی پارٹی کی طرف سے ہو - قابل نفرت عمل ہے - ارو تشدد کی فضا میں جمہوریت پنپنا ناممکن ہے جو اداراہ ، جو تنظیم ، جو افراد - تشدد کی حوصلہ افزائی کرنے میں میں سمجھتا ہوں کہ وہ بلاواسطہ اس ملک میں جمہوریت کے رستے مسدود کرنا چاہتے ہیں - جناب والا - لیڈر آف دی ہاوس نے ابھی

ایک بڑی عجیب بات کی ہے میں اس بات کو وہیں سے شروع کرتا ہوں - انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اگر بلوچستان میں فوج بھیجی تو اسلئے بھیجی کہ وہاں تخریب پسندوں نے ، شرپسندوں نے ایسی صورتحال پیدا کر دی تھی کہ فوج کا وہاں بھیجا جانا ضروری ہے - جناب عالی میں آپ کے توسط سے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ 15 فروری کو وہاں نیشنل عوامی پارٹی کی گورنمنٹ توڑی گئی اور بلوچستان میں فوج مئی میں بھیجی گئی ہے میں اس ہاؤس میں چیلنج کرتا ہوں لیڈر آف دی ہاؤس کو اور گورنمنٹ پاکستان کو کہ وہ مجھے بتائیں کہ 15 فروری اور 20 مئی کے دوران امن عامہ کا کون سا مسئلہ تھا جس کے لیے حکومت نے یہ ضرورت محسوس کی کہ وہاں فوج بھیجی جائے میں یہ کہتا ہوں اور بڑی ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ اس درمیانے عرصے میں بلوچستان میں Law and order کا کوئی مسئلہ نہیں تھا - وہاں فوج کو اس لیے بھیجا گیا کہ وہاں Law and order کا مسئلہ پیدا کیا جائے - کوئی اگر یہ کہے کہ بلوچستان کے کسی Section نے - کسی گروہ نے وہاں Law and order کا مسئلہ پیدا کیا ہے - تو جناب والا یہ بہت بڑا جھوٹ ہوگا - دوسری بات جو بار بار کہی جاتی ہے - وہ یہ ہے کہ صاحب بلوچستان کے ایک مخصوص علاقے میں یہ سب گڑبڑ ہو رہی ہے - بلکہ کبھی کبھی تو ایسا محسوس ہونے لگتا ہے کہ اس ایوان میں غلط بات کرنے کے لیے کسی جھجھک کی ضرورت نہیں ہے - ہمیں اس ایوان کے وقار کا احساس ہی نہیں رہتا - کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں - اس ایوان کے فلور پر کھڑے ہو کر وزیر مملکت برائے دفاع نے بار بار کہا کہ تھوڑا سا علاقہ مری اور جھلاوان ہے جہاں کچھ شرپسند activities کا مظاہرہ کر رہے ہیں جناب والا میں پوچھتا ہوں -

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! میں پوچھنا چاہتا ہوں ان وزراء سے کہ وہ کیا کہنا چاہتے ہیں - ابھی کچھ دن پہلے بلوچستان کے سینئر وزیر جناب رئیسانی صاحب جو ہاں گئے تھے - انہوں نے وہاں بقول حکومت کے شرپسندوں سے رابطہ قائم کیا تھا انہیں پتہ نہیں ہے کہ جوہاں کہاں واقعہ ہے ، مری اور جھالاوان کہاں واقعہ ہیں - دراصل مصیبت یہ ہے کہ ان کی معلومات ہی درست نہیں انہوں نے بلوچستان کے جغرافیہ کے مطالع ہی نہیں کیا - میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جگہ ضلع قلات میں واقع ہے جھالاورن سے مری ۵۰۰ میل ہے اور جہاں یہ واقعہ ہوا ہے وہ جگہ جھالاورن سے ۳۰۰ میل دور واقع ہے - آپ ہر روز اخباروں میں واقعات پڑھتے رہتے ہیں - یہ واقعات مری اور جھالاورن میں بہت کم واقعات ہوتے ہیں - یہ واقعات سارے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ہوتے ہیں - مجھے سمجھ نہیں آتی جب وزرا صاحبان کہتے ہیں کہ مری اور جھالاورن کے تھوڑے سے علاقے میں گڑ بڑ ہے - آخر یہ

ایسی باتیں کر کے کیا تصور پیدا کرنا چاہتے ہیں ، ان کا اس سے کیا مقصد ہے اور کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں - پھر بار بار یہ کہنا کہ یہ لوگ بڑے تخریب کار ، شر پسند ، کریمنل اور مرڈر ہیں - جناب والا میں یقین سے کہتا ہوں ، ان کا دل بھی یہ بات مانتا ہوگا - یہ بھی سمجھتے ہوں گے کہ تاریخ ان کا ساتھ نہیں دے گی آج یہ کہتے ہیں کہ یہ شرپسند ہیں ، کریمنل ہیں - میں یقین سے کہتا ہوں کہ تاریخ انہیں کا ساتھ دے گی جو جمہوریت کی خاطر لڑتے ہیں - میں ان کو جمہوریت کی خاطر لڑنے والا ہی کہوں گا - ان کو محب وطن کہنا چاہیے - ان کو جمہوریت کی خاطر لڑنے والا ہراول دستہ کہنا چائیے - آج آپ ان کو شرپسند کہہ رہے ہیں - کریمنل کہہ رہے ہیں آپ ان کو جو چاہے کہیں ، کیوں کہ آپ کہہ سکتے ہیں - اس لیے کہ تمام ذرائع ابلاغ آپ کے قبضے میں ہیں آپ ان کو جیل میں بند کر سکتے ہیں - ان کا گلہ گھونٹ سکتے ہیں ، ان کی زبان بند کر سکتے ہیں - - - - یہ سب کچھ آپ کر سکتے ہیں - لیکن آپ تاریخ نہیں بدل سکتے - یہ تاریخ آپ کے تابع نہیں ہو سکتی - آپ تاریخ کے فیصلے سے کبھی نہیں بچ سکتے - یہ فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا -

جناب والا ! مجھے یہ بتائیں بار بار کہا جاتا ہے کہ بلوچستان کا کوئی مسئلہ نہیں ، یہ ٹھیک ہے کہ بلوچستان کا کوئی مسئلہ نہیں ، میں بھی اس بات سے متفق ہوں - ہاں ، اگر کوئی پرابلم ہیں تو یہ اس حکومت کے پیدا کردہ ہیں - مجھ سے لوگ پوچھتے ہیں کہ صاحب ، بلوچستان میں کیا ہو رہا ہے ، تو میں انہیں کہتا ہوں کہ بلوچستان میں مسئلہ صرف یہ ہے کہ حکومت نہیں چاہتی کہ بلوچستان میں جمہوری عمل جاری و ساری ہو - اگر آج بلوچستان میں جمہوری عمل جاری کر دیا جائے تو بلوچستان کا مسئلہ ختم ہو جائے گا - صاحب وہاں کی جو منتخبہ حکومت تھی ، اسے بر طرف کر دیا گیا - اس کے خلاف جو الزامات لگائے گئے تھے ، ان میں سے کوئی الزام بھی ثابت نہیں ہو سکا - جو بھی الزامات لگائے وہ سب بے بنیاد تھے - ان میں سے کوئی بھی الزام ثابت نہیں ہو سکا ہے - اس کے بعد ۲۰ مئی کو وہاں پر فوج بغیر کسی وجہ کے بھیج دی گئی - وہاں پر فوج بھیجنے کا کوئی جواز نہیں تھا - اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ پیپلز پارٹی اس ملک میں صرف ایک پارٹی کی حکومت قائم کرنا چاہتی تھی اور یہ بات بھی خوب سمجھتی تھی کہ ان کے اس مزموم پروگرام میں اگر کوئی رکاوٹ ہے تو وہ صرف نیشنل عوامی پارٹی ہے - یہی وجہ ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت ، ہر قیمت پر نیشنل عوامی پارٹی کو ختم کرنا چاہتی ہے اور یہی سب سے بڑا پرابلم ہے - اگر پیپلز پارٹی کے لوگ یہ طے کر لیں کہ وہ ملک میں جمہوری عمل کو نہیں روکیں گے تو میں یقین سے کہہ سکتا

ہوں کہ یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے - ایک منٹ میں یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے - لیکن دکھ اور افسوس کی بات یہ ہے کہ جمہوریت کا نام لینے والی یہ گورنمنٹ خود جمہوریت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے - یہ خود ہی جمہوریت کے راستے میں رکاوٹ ہیں -

جناب والا ! بار بار کہا جاتا ہے کہ صاحب کچھ بھی نہیں ہوا - ٹھیک ہے وزیر اعظم صاحب ملک کے منتخبہ سربراہ ہیں - ہم میں سے ہر ایک کیلئے، خواہ وہ اس طرف بیٹھا ہویا اس طرف ، ان کی سلامتی میں یقیناً بڑی دلچسپی رکھتا ہے - ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت کا عمل جاری ہو - اگر جمہوری طور پر منتخب سربراہ کو اگر کوئی تشدد کا نشانہ بنائے تو ظاہر ہے اس ملک میں جمہوریت کا مستقبل ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تاریک ہو جائے گا -

جناب والا ! اس موضوع پر ایک تحریک التوا بھی آئی تھی کہ وزیر اعظم کے دورہ بلوچستان کے دوران ، ایک نوجوان ، عبدالحمید ، ڈائناسیٹ سے خود سر گیا - وزرا صاحبان نے اس واقعہ سے catagorically deny کیا کہ ایسا واقعہ نہیں ہوا ہے - لیکن دوسرے روز ہی ایک پریس ریلیز حکومت کی طرف سے جاری ہوا کہ وزیر اعظم صاحب کو مارنے کی شازش نا کام ہو گئی ہے - یہ وزیر اعظم صاحب کو مارنے کی سازش کی گئی تھی - آخر یہ کیا ہے ؟ ایک دن ایک واقعہ کے بارے میں انکار کر دیا جاتا ہے اور دوسرے دن اسی کے متعلق پریس ریلز جاری کردیا جاتا ہے - ”صاحب“ یہ کیا ہے آخر یہ کیا کھیل کھیلنا چاہتے ہیں - ایسی باتوں سے ان کا کیا مطلب ہے - جناب والا میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں کہ تشدد کوئی بھی کرے - خواہ کہیں بھی ہو ، میں اس کے خلاف ہوں خواہ وہ ”جھالاورن“ کی پہاڑیوں میں ہو یا ”مری“ کے پہاڑوں میں - یہ بات افسوس سے کہنی پڑتی ہے کہ خون چاہے کسی کا بھی بہے ظاہر ہے وہ کسی پاکستانی کا ہوگا - وہ پاکستانی چاہے اوج سے تعلق رکھتا ہو یا ایف ایس ایف سے یا پولیس سے - خواہ وہ وہاں کے لوگوں کا ہو - خواہ حریت پسندوں ہو کا- جو جمہوریت کی جنگ لڑنے والے ہیں - میں انہیں حریت پسند ہی کہوں گا - آپ جو چاہیں ، ان کو کہیں - لیکن میں انہیں جمہوریت کی جنگ لڑنے والے ہی کہوں گا ؟ میں کہتا ہوں کہ جب ان سب کا خون جم جائے گا تو یہ آپ کی پیشانی پر داغ بن کر ابھرے گا - آپ اس داغ سے نہیں بچ سکیں گے -

جناب والا ،لیڈر آف ہاوس کہتے ہیں کہ کیا ہے ؟ - میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ بتائیں ؟ ، آپ تو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ، آپ کو تو علم نہیں ہے کہ وہاں کیا

ہو رہا ہے - مجھے بتایا جائے کہ کیا خضدار سے وڈھ تک بس سروس جاری ہے ؟ کیا خضدار سے نال کی بھی سروس جاری ہے - مجھے بتایا جائے کہ سبی اور ہرنائی کی ٹرین کیسے چلائی جا رہی ہے ؟ مجھے بتائیں کہ کوئٹہ سے ، کراچی ، لاہور اور پشاور جانے والی ٹرنیں بولان سے کس طرح گزر رہی ہیں ؟ اور کیا لک پاس سے چھ بجے کے بعد اس طرف کوئی بس سروس جاتی ہے - ؟ اور مجھے کوئی ایسی بس بتائیں جس میں ایف ایس ایف یا پولیس موجود نہ ہو - کوئی آدمی گھر سے باہر نہیں نکل سکتا - اور کہا بھی جاتا ہے کہ ''سب ٹھیک ہے'' ''سب اچھا ہے'' -

(At this stage the Chair was vacated by Mr. Chairman and occupied by Mr. Deputy Chairman)

**راؤ عبدالستار :** پہلے بھی ایسے ہی تھا -

**جناب زمرد حسین :** آپ ساہیوال اور اسلام آباد میں بیٹھے رہتے ہیں اگر آپ بلوچستان آئیں تو آپ کو پتہ چلے - جب بلوچستان میں نیپ کی حکومت تھی تو ایسا نہیں تھا - بہر حال ، آپ کو یہ حق ہے کہ آپ جو چاہے کہہ سکتے ہیں - مگر آپ مجھے کم از کم تقریر کرنے دیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ زمرد صاحب کو تقریر پوری کرنے دیں -

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! جناب شہزاد گل صاحب نے کچھ باتیں کی ہیں جن کی بنا پر ناراضگی کا اظہار کیا گیا ہے - لیکن میں گذارش کرتا ہوں کہ کچھ واقعات کا میں چشم دید گواہ ہوں - لیکن میں ان واقعات کو بیان کرنے میں بالکل تلخی ، ترشی اور جذبات سے کام نہیں لوں گا - میں جناب والا ! ساڑھے ۱۰ مہینے جیل میں رہا ہوں اس لیے میں کچھ واقعات کا چشم دید گواہ ہوں - میں نے ان مریوں اور مینگلوں کو بھی دیکھا ہے جو میرے سامنے جیل میں آتے اور جاتے رہے ہیں - ان میں دو واقعات کا ذکر کروں گا جو میرے سامنے جیل میں پیش آئے تھے --- جناب والا ! شاہو مری ، نامی ایک شخص کو ملٹری گرفتار کرکے ڈسٹرکٹ جیل ، کوئٹہ کے گیٹ پر گئی - اتفاق سے میرے جیل کے ساتھی گیٹ پر گئے ہوئے تھے - ان کے ملاقاتی آئے ہوئے تھے جیل کا دروازہ کھلا - دو آدمیوں نے اسے کندھے سے پکڑ کر اندر کیا اور ان میں سے ایک نے اسے ٹھڈا رسید کیا کہ بول اب بھی تو خیر بخش مری کے کہنے کے بغیر کوئی کام نہیں کرے گا وہ گر گیا - وہاں جو ساتھی موجود تھے وہ واپس آئے تھوڑی دیر بعد تو ان کے پژمردہ چہرے دیکھ کر میں نے پوچھا کہ یہ کیا واقعہ ہے تو انہوں نے مجھے یہ تفصیل سنائی -- مجھے

اسی دن ہسپتال جانا تھا جب میں جیل کے گیٹ کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ وہ جیل کے اندرونی گیٹ کے ساتھ پڑا ہوا تھا - سانس کا عمل جاری تھا - لیکن وہ بیٹھ نہیں سکتا تھا - ہل نہیں سکتا تھا اس کی کیفیت بہت ہی خراب تھی - میں ہسپتال میں گیا اور جب واپس آیا توجیل کے آفس میں جیل سپرنٹنڈنٹ نے مجھ سے پوچھا کہ ایمبولنیس کے آنے کے بارے میں آپ کو کچھ علم ہے - میں نے کہا کہ میڈیکل آفیسر ایمبولنیس کے بارے میں ذکر کر رہے تھے - - میں جناب والا - ابھی وہیں تھا کہ ایمبولنیس آگئی - سپرنٹنڈنٹ جیل نے میرے سامنے ہدایت دی کہ اس آدمی کو ہسپتال لے جانا ہے - اس کی حالت بہت خراب ہے - اسی دوران ڈسپنسر نے کہا کہ صاحب وہ تو مر گیا ہے - - اگلے دن جب میں ہسپتال گیا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ چوٹوں سے مرا ہے - اس میں کوئی شبہ نہیں - ریکارڈ موجود ہے اس کو دیکھا جا سکتا ہے - اس میں کسی شبہ کی بات نہیں - میڈیکل رپورٹ موجود ہوگی - اسکے ایسے حصوں کو مجروح کیا گیا تھا کہ اس کے بچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا - جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے اس سلسلے میں ایک تحریک التوا بھی پیش کی گئی تھی -

دوسرا واقعہ ، آپ کو ایک ۱۲/۱۴ سال کے مری بچے کا سناتا ہوں جو کہ کوئٹہ جیل میں مرا - میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ کیسے مرا - تشدد سے مرا یا کسی اور طریقے سے مگر میری ان گنہگار آنکھوں نے دیکھا کہ اس کی نعش کئی دن وہاں پڑی رہی - یہ ہے ہماری محب وطن حکومت جو بلوچستان کی ترقی کے لئے پریشان ہے جو بلوچستان کے عوام کی مدد کرنا چاہتی ہے - ان کے لئے اسکول فراہم کر رہی ہے - ان کے لئے روڈ بنا رہی ہے - وہ اس مردے کو تین دن تک نہیں دفنا سکی -

**Opposition Senators :** Shame, Shame.

**جناب زمرد حسین :** جناب والا ! بات صرف اتنی ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کا حل کیا ہے - اگر پیپلز پارٹی sincere ہے - اس ملک سے دیانت دار ہے - اس ملک کی بھلائی چاہتی ہے تو مسئلہ کوئی مشکل نہیں ہے - بات بڑی سیدھی ہے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ بات تو آپ کہہ چکے ہیں کہ نیپ کو دوبارہ حکومت دو - میرے خیال میں کافی کچھ ہو گیا ہے -

**جناب زمرد حسین :** میں close کر رہا ہوں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اس بات کو repeat نہ کریں - آپ چار دفعہ کہہ چکے ہیں -

**جناب زمرد حسین :** کس بات کو ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** کہ نیپ کو دوبارہ حکومت دو ۔

**جناب زمرد حسین :** میں نے ایک دفعہ بھی نہیں کہا ۔ ایک لفظ بھی نہیں کہا آپ ریکارڈ سن لیں میں چیلنج کرتا ہوں میں نے یہ نہیں کہا کہ نیپ کو حکومت دے دیں میں نے یہ کہا ہے کہ اس ملک میں جمہوری عمل جاری کر دیا جائے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** repetion نہیں ہونا چاہیے ۔ تمام واقعات ریکارڈ پر آ گئے ہیں ۔ آپ کا ریزولیوشن یہ ہے کہ ایک کمیٹی وہاں حالات معلوم کرنے کے لیے جائے اور اپنی رپورٹ اس ایوان میں پیش کرے ۔ آپ اس بارے میں کچھ فرمائیں ۔

**جناب زمرد حسین :** میں اسی بارے میں کہوں گا ۔ جناب والا ! اس وقت بین الاقوامی طور پر ہمارے ملک کے بارے میں جو غلط فہمیاں پیدا ہو چکی ہیں ۔ ان کو دور کرنا ضروری ہے ۔ اس لیے کوئی ایسا ذریعہ اختیار کیا جائے جس سے ملک کے باہر اور ملک کے اندر لوگوں کے سامنے بلوچستان کی صحیح صورت حال آ سکے ۔ اور جو شک و شبہ کی فضا ہے ۔ وہ دور ہو سکے ۔ اور اس کو دور کرنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے باقی سب راستے بند ہیں ۔ حکومت نے باقی سب راستے بند کر دیئے ہیں ۔ اور وہ راستہ یہ ہے ۔ کہ اس ملک کے اس معزز ایوان کے معزز ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے ۔ جو بلوچستان کے کونے کونے میں جا کر صحیح صورت حال کا جائزہ لے ۔ اور اپنی رپورٹ اس ایوان کے سامنے پیش کرے ۔ تاکہ لوگوں کو معلوم ہو سکے ۔ کہ بلوچستان کس دکھ درد میں مبتلا ہے ۔ آخر میں میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

**Mr. Abdul Qayyum Khan :** Sir, I have to start at 12.00 noon.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** چیئرمین صاحب نے جو ٹائم ٹیبل مقرر کیا ہے ۔ اس کے مطابق ۱۲ بجے خان قیوم صاحب نے بولنا ہے ۔ میں اب ٹائم ٹیبل تو نہیں بدل سکتا ۔ اس میں کچھ concession کر سکتا ہوں ۔

**Mr. Deputy Chairmain :** Five minutes to each whoever wants to speak.

**جناب محمد زمان خان :** جناب چیئرمین صاحب ! حقائق کو جھٹلانے پوشیدہ

رکھنے اور دبانے سے واقعات کی اہمیت کو ختم نہیں کیا جا سکتا ۔ بلکہ اس سے عوام میں شکوک و شبہات اور بڑھ جاتے ہیں ۔ اب چونکہ عوام بیدار ہو چکے ہیں ۔ اور ان کو غلط بیانی سے مطمئن نہیں کیا جا سکتا ۔ ان کو مطمئن کرنے کے لیے حکومت نے حزب اختلاف کے لیڈروں کے خلاف خصوصاً حضرت مولانا مفتی محمود صاحب اور خان عبدالولی خان کے خلاف سخت پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے ۔ تاکہ عوام کو ان سے بد ظن کیا جاسکے ۔ لیکن میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اس پروپیگنڈے کے باوجود ان کی اہمیت بہت بڑھ رہی ہے - - -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اب آپ انصاف کریں کہ اس کا ریزولیوشن سے کیا تعلق ہے -

**جناب محمد زمان خان :** میں ریزولیویشن پر آتا ہوں ۔ حکمران پارٹی کو ملک و قوم کے مفادات کے پیش نظر عوام کے سامنے صحیح حالات پیش کرنے چاہئیں ۔ تاکہ عوام اصل حالات سے واقف ہو سکیں ۔ لہذا ملک و قوم کے مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں ۔ کہ ایک وفد تشکیل دیا جائے جو بلوچستان کے کونے کونے کا دورہ کرے - اور صحیح حالات معزز ایوان اور عوام کے سامنے پیش کرے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ yes مسٹر ہاشم غلزئی

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** جناب چیئرمین ! اس وقت مسئلہ زیر غور یہ ہے - کہ اس معزز ایون کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے ۔ جو بلوجستان جا کر وہاں کے صحیح سیاسی حالات اور امن و امان کے متعلق ایک رپورٹ ایوان میں پیش کرے - اب بات یہ ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ کیا ہے ۔ یہ کس طرح سے پیدا کیا گیا ہے - اور اس کو کس طرح غلط طور پر پیش کیا جا رہا ہے ۔ اور اس کا انجام کیا ہو گا ۔ ان تین پہلوؤں پر میں اس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ جناب عالی بلوچستان کا مسئلہ پیدا کیا گیا ہے ۔ اور یہ کیسے پیدا کیا گیا ہے - یہ اسی حکومت نے پیدا کیا ہے ۔ خوش قسمتی سے بلوچستان کو ۵۰ سال کی جد و جہد کے بعد ۱۹۷۰ء میں ایک صوبے کا درجہ حاصل ہوا - اور پہلی دفعہ بلوچستان میں عام انتخابات ہوئے - اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں ۔ کہ وہ آزادانہ انتخابات تھے ۔ اور وہاں کے عوام نے بڑی بھاری اکثریت سے نیشنل عوامی پارٹی اور جمیعت علماء اسلام کے امیدواروں کو ووٹ دیئے ۔ اور نتیجتاً ۲۱ کے ہاؤس میں سے ۱۳ افراد نیشنل عوامی پارٹی اور جمیعت علماء اسلام کے منتخب ہوئے ۔ اب انصاف اور

جمہوریت کا تقاضا تھا - کہ وہاں جو پارٹی اکثریت سے کامیاب ہوئی ہے - اس پارٹی کا گورنر مقرر کیا جائے - اور اس وقت ملک میں عبوری آئین نافذ تھا - اور حکومت گورنر کے ذریعے کی جاتی تھی - اور انصاف کا تقاضا یہ تھا - کہ وہاں جو پارٹی اکثریت سے کامیاب ہوئی ہے - عبوری دور کے لیے گورنمنٹ اس پارٹی سے گورنر کو نامزد کرے - مگر اس کے بر عکس موجودہ عوامی قیادت نے ایک شخص غوث بخش رئیسانی جو وحدہ ہو لا شریک لہ ، اکیلا ایک ہی ممبر تھا جو صوبائی اسمبلی میں کامیاب ہوا - اس کو وہاں گورنر نامزد کیا گیا - اس پر وہاں کے عوامی طبقوں نے اور سیاسی طبقوں نے اس کی شدید مخالفت کی - گو اس بات کا اختیار صدر کو ہے - اور اس کے discretion پر ہوتا ہے - چونکہ موجودہ Interim Constitution میں گورنمنٹ اورگورنر دونوں کے اختیارات ایک جیسے ہیں - اس لئے مناسب یہ تھا - اور انصاف کا تقاضا بھی یہ تھا - کہ نیشنل عوامی پارٹی یا جمیعت علماء اسلام یا ان کے نمائندے یا ان سے پوچھکر حکمران پارٹی کو گورنر نامزد کرنا چاہیے تھا - یہ اسی ردعمل کا نتیجہ تھا - کہ وہ وہاں تین ماہ تک گورنر نہ رہ سکا - اس کے بعد وہاں کے لوگوں نے اس کی مخالفت کی - اور اسے استیفیٰ دینا پڑا - اس کے بعد اب حکومت مجبور ہو گی - اور ان کو معلوم ہو گیا - کہ رئیسانی وہاں دھاندلیوں اور رشوت سے نیشنل عوامی پارٹی کے منتخب نمائندں کو اپنے ساتھ نہیں ملا سکا - اس لیے بادل ناخواستہ پھر مرکزی حکومت کو یہ بات کہنی پڑی - کہ وہان نیشنل عوامی پارٹی کی حکومت قائم کی جائے گی - چنانچہ وہاں نیشنل عوامی پارٹی کی حکومت قائم کی گئی - اور نیشنل عوامی پارٹی کے ایک آدمی کو وزیر اعظم نے گورنر نامزد کیا اب یہاں یہ کہا جاتا ہے - کہ ہم نے بلوچستان پر بڑا احسان کیا - ہم نے ان کو حکومت دی - ہم نے ان کا گورنر مقرر کیا - میں یہ پوچھتا ہوں کہ بھئی تم کون ہو - وہاں حکومت کرنے والے - بلوچستان کی حکومت بلوچستان کے عوام نے ہم کو دی - تم نے کونسی حکومت ہم کو دی - تم نے کونسا ہم پر احسان کیا - بلوچستان کے عوام نے ہم کو منتخب کیا تھا - عوام نے ہمارے پارٹی منشور کو منظور کیا تھا - انہوں نے ہم کو ووٹ دیئے تھے - اور ہم اس آئین کے تحت وہاں حکومت کرنے کے مستحق تھے - آپ نے ہم پر کونسا احسان کیا - جو یہاں کہا جاتا ہے - کہ ہم نے ان پر احسان کیا ہے -

کیا احسان کیا جو یہاں پر کہا جاتا ہے کہ ہم نے نو مہینے تک حکومت سبھالی میں چاہتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے معزز اراکین اس بات کی طرف توجہ دیں کہ جس دن سے نشینل عوامی پارٹی اور جمعیت العلمائے اسلام نے حکومت سنبھالی مرکزی

حکومت نے وہاں کے حالات کو مکدر کرنے میں ہر ممکن کوشش کی اور مختلف سازشوں میں مصروف ہوئی وہاں وقتاً فوقتاً مرکزی وزراء صاحبان جاتے رہے اور وہاں کی فضا کو خراب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اس کی وجہ کیا تھی ؟ اس کی وجہ محض یہ تھی کہ مرکزی حکومت اور مرکزی قیادت اس بات کے سخت مخالف تھی کہ وہاں بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کیوں نہیں ہے - میں معزز ایوان کے سامنے یہ بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ 1970ء کے انتخابات میں وہاں پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ پر ایک نمائندہ بھی کامیاب نہ ہوا - مگر مجھے بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے وزیراعظم صاحب نے کہا ہے کہ یوسف علی خان مگسی پی - پی - پی کی ٹکٹ پر بلوچستان میں کامیاب ہوا - یہ تو ٹھیک ہے کہ وہ پیپلز پارٹی میں شامل ہو گیا لیکن اس نے وہاں Election آزادانہ لڑا تھا نہ کہ پیپلز پارٹی کی ٹکٹ پر Election لڑا یہ تو ہوتا رہتا ہے کہ بعض جماعتوں سے بعض افراد اپنے مفاد کی خاطر حکومتی پارٹی میں شامل ہو جاتے ہیں لیکن وہاں کے لوگوں نے پیپلز پارٹی کو بالکل مسترد کر دیا اور یہی حال صوبہ سرحد میں ہوا - ہمارے لیڈر اور ہماری پارٹی کا یہ اصول رہا ہے کہ - - -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپکے 5 منٹ اور ہیں -

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** : No, No. I can talk and I must have full time.

**Mr. Deputy Chairman** : You can speak for ten minutes because the mover of the motion can speak for half an hour. You, as the Leader of the opposition can speak for ten minutes. I have given you two more minutes. But you have to speak on the resolution. You are trying to settle the dispute between the National Awami Party and the Peoples Party inside the Senate, and this cannot be allowed.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzaim:** I am giving the background of this political problem that is there.

**Mr. Deputy Chairman** : What is the necessity of sending a Committee today ? (interruption).

**Mr. Mohammad Hashin Ghilzai** : I am giving the background. I am not irrelevant as far as this problem is concerned.

**Mr. Deputy Chairman** : I think, you are very irrelevant. You please confine younself to the motion.

**Mr. Mohammad Hashin Ghilzai** : I am not going irrelevant. If I am irrelevant you can say so. But if I am confining myself to the subject that it is all right.

**Mr. Deputy. Chairman** : You can speak for five minutes more.

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت نے بلوچستان کا مسئلہ پیدا کر کے وہاں لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ بنا دیا ۔ ۔ ۔ چونکہ مرکزی حکومت یہ کبھی بھی نہیں چاہتی تھی کہ بلوچستان میں نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت کی حکومت ہو اسلئے مرکزی حکومت نے سازشیں تیار کر کے غیر آئینی اور غیر قانونی طور پر انہیں dismiss کیا ۔ اس کے بعد بلوچستان کے لوگوں نے اس بات کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ ہم نے پیپلز پارٹی کو ووٹ نہین دیئے تھے کہ جام صاحب ہمارا وزیر بنے ۔ اور پھر ہاؤس میں protest بھی کیا گیا بجائے اس کے کہ یہ موجودہ حکومت اس مسئلہ کا حل سیاسی طور پر کرے انہوں نے وہاں فوج بھیج دی ۔ جناب والا ! میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ موجودہ حکومت نے وہاں پر یہ مسائل خود پیدا کئے اور پھر لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ پیدا کیا موجودہ حکومت نے وہاں لسبیلہ میں کن سازشوں کا ارتکاب کیا یہ موجودہ حکومت جو کہ اپنے آپ کو جمہوری حکومت کہتی ہے بجائے اس کے کہ اس مسئلہ کو سیاسی طور پر اور باہم گفت و شنید سے جمہوری طریقے سے حل کیا جاتا ، انہوں نے وہاں بلوچستان میں فوج بھیج دی ہے ۔ ۔ ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر آخر فوج بھیجنے کا کیا جواز تھا اس وقت کونسی لوٹ مار مچی ہوئی تھی کہاں ریلوے پر ڈاکے اور حملے ہو رہے تھے ۔

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : Time is up.

**Mr. Mohammad Hashin Ghilzai** : Time is not up. Why are you so impatient ?

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : On a point of order, Sir.

**Mr. Deputy Chairmam** : You also wasting the time of the House because he has got four minutes more. He is speak for four minunts to whatever he likes. I have told him that he is the Leader of the Opposition and he must be relevant. but unfortunately he can't.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** : I am absolutely relevant.

تو میں عرض کر رہا تھا کہ مسئلہ موجودہ حکومت نے پیدا کیا ہے اور اسے فوج کے تشدد کے ذریعے حل کرنا چاہتی ہے میرے معزز دوستوں نے تشدد کی کئی مثالیں دی ہیں میں اب ان کو دہرانا نہیں چاہتا ہوں ۔ وہاں پر فوج بیھجی ہے ، روزانہ گھروں پر حملے ہوتے ہیں عورتوں پر حملے ہوتے ہیں اور بہت سے ناقابل برداشت جرائم کا ارتکاب ہو رہا ہے ، انکا کیا جواز ہے ؟ آئے دن بمباری ہوتی ہے واقعات ہوتے ہیں

Be realistic. Face the situation. Face the facts of life.

وہاں مسئلہ جو کہ آپ نے خود پیدا کیا ہوا ہے اور اب آپ کے کنٹرول سے باہر ہے - یہ مسئلہ اب صرف مسئلہ بلوچستان نہیں رہا بلکہ اب پاکستان کا مسئلہ بن گیا ہے - بلوچستان کے مسئلہ کو سلجھانے کیلئے سیاسی اور جمہوری راہ اختیار کریں ، سیاسی حل تلاش کریں - اگر اس بات کی طرف توجہ نہ دی تو پھر پہلے بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی وجہ سے مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن گیا ہے - لیکن اب پاکستان کی عوام پاکستان کے مزید ٹکڑے کرنے کی اجازت نہیں دیں گے اور اگر موجودہ حکومت کا طرز عمل یہی رہا اور جبروتشدد کا استعمال ہوتا رہا ، جمہوری قدروں کو پامال کیا جاتا رہا تو پھر اس ملک کا خدا حافظ --- اور اس کی ذمہ دار موجودہ حکومت ہو گی جو کہ اپنے آپ کو پاکستان کی بڑی وفادار کہتی ہے - جناب والا ! یہ کمیٹی بنائیں جائے او وہاں معزز اراکین جا کر حالات کا صحیح صحیح جائزہ لیں آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں ہم آپکو وہاں دیکھائیں گے کہ یہ لوگ آپ کو غلط معلومات فراہم کرتے ہیں اور اصل حالات کچھ اور ہیں - یہ کمیٹی وہاں کے حالات معلوم کر کے اس House کو رپورٹ دیں اور پھر اس کمیٹی کے ارکان حکومتی پارٹی پر اثر ڈالیں کہ وہ اپنی وزارتوں کی خاطر حقائق پر پردہ ڈالنے کی کوشش نہ کریں اس میں آپکا فائدہ ہے ، ملک کا فائدہ ہے اور پاکستان کی بقا ہے -ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you very much. Yes, the Interior Minister.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Sir, I oppose this motion because I consider it absolutely unnecessary and I will give reasons for it. The real object of bringing this motion is to throw all the mud that they can on present Government and to make the wildest and unfound allegations against the Government which they have done.

To start with, a point was made that the Army was sent after the Ministry was dismissed in Baluchistan, i.e. from 15th of February to 15th of May. I want to categorically deny the statement that there was no trouble in Baluchistan. Tribal Lashkars had been raised by the NAP Government and the Jamot Tribe had been attacked. There was a conference in Lahore in which I was present and Mr. Bazenjo, the Governor, was called to that conference and he was told—before his Government's dismissal that he failed to maintain law and order in that Province and therefore it was the duty of the Federal Government to send civil armed forces in support of the civil power to restore it. In my presence, Mr. Bazenjo accepted this suggestion and said, "by all means send them", but when he went out he said that he had never accepted that position and that he will resist if any armed forces were

sent to Baluchistan. It was after that that they were dismissed. So. the suggestion that civil armed forces had been sent when there was complete peace after the dismissal of the Government has got no substance. I want to make out one point. There was a NAP Government in NWFP also but the NAP Government there was dismissed by the President. The Governor was dismissed. Under the Constitution, the President had every right to dismiss the Governor but Mufti Mahmood and his Government resigned. Now, in NWFP there was also a NAP Government; may I ask the Leader of Opposition and the members of Opposition why there was no necessity of sending civil armed forces or the Army to NWFP because a NAP Government had resigned? According to them, a Government which enjoyed the support of an overwhelming majority of the people. First of all, the law and order situation there was such that it was not necessary to use civil armed forces and the Army even though a NAP Government went out of office in NWFP but why it became necessary in Baluchistan? Because they said that the Government was wrongly dismissed and therefore they had a right to start insurrection, that they had a right to train Guirelas, that they had a right to shoot up innocent people who were travelling in buses on the road, that they had a right to fire at the trains and now they are taking credit and making most of the fact that no buses can travel in Baluchistan without an Army escort, that no train can go without an Army escort. That means they are defending those people who are outside the law. They are the spokesment of the people who are murderers, stopping lorries on the road, firing and killing people in cold blood and looting them. They are the spokesmen of the people who fire at the civil armed forces and the troops who have never opened fire on them first. Do they expect the civil armed forces and the troops to be at the receiving end of the bullets and not to fire back in self-defence? Do they not realise that every citizen under the law of Pakistan has a right to defend his person? Not only when he is actually fired at but if he has an apprehension that grievous injury will be caused to him, he can shoot a person in selfdefence who threatens his life. Now. therefore, in Baluchistan, Army had to be used, the civil armed forces had to be used because certain section of the population started insurrection and they are the spokesmen of those people in this House and call them patriots who are murderers, whose hands are red with the blood of the people who travel on the roads, who fire at the trains, who fire at the Pakistan Army or the civil armed forces, who butcher people in cold blood, whose hands are soiled with the blood of innocent people. They call them patriots but about those whose duty it is, under the law, to protect law abiding citizens and to go to the assistance of the civil administration under the laws of Pakistan they say that Army is killing innocent Pakistanis.

I want to say something about the allegations made by the mover. He used a very significant Persian phrase.

شنیدہ کے بود مانند دیدہ

That means, not having been there, all the wild allegations which he has made are based on hearsay. Mr. Chairman, as regards the allegation of bombing from the air I would say that that lie has been repeated on countless occasions not only in this House but also in the

National Assembly in a most unequivocal and authoritative manner. Then another allegation was made that Baluchistan is on fire. Now, I was in Baluchistan from the 25th right upto the 1st................

**Mr. Zamurrad Hussain :** It has been on fire.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Well, you may say that it is on fire but if it had been on fire then nobody could come out at night. In Quetta, I attended dinners in the houses of my friends in the city late in the evening and went back at mid-night and I saw people going about their business throughout the day and even at mid-night. I myself was moving about in Quetta city..............

(*interruptions*)

Have patience, I never interrupted you. All these are wild allegations. The trouble is, naturally, confined to Murree area and Jhalwan area. These very people go outside and fire at a bus here or a train there or when they find people doing road protection duty they fire at them. Now, all these stories which he has repeated that there is a certain spring, which he has not seen and visited, where 13 persons died of thirst, are hearsay stories. Then there is another atrocious story that the throat of a small girl was cut in Muchh Jail. This is also a story which he has heard from somebody.

It is also stated that there is trouble in Pashtoonabad but I did not see any trouble there. Then there is an allegation,

فوج پاکستان کے سینے چھلنی کر رہی ہے -

It is a mud-slinging allegation against the defenders of the country and an Army of which we are proud. The Army is there and they are performing very useful duties, building roads, building hospitals, setting up electricity plants, constructing schools and if, in the process, they are fired at ; is it expected that they should not return the fire? Then the Leader of Opposition said,

پانی میں زہر ملایا گیا ہے -

This is another wild allegation. This mud-throwing has been made because, according to them, their adjournment motions were thrown away on technical grounds.

(At this stage the chair was vacated by Mr. Deputy Chairman and occupied by Mr. Chairman).

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** What is the technicality about the grounds. The technicality, is the constitutional provision to which they are the signitories, namely, that the law and order is a provincial subject, and there is a Provincial Assembly functioning and the matters should have been brought there. This is not a technical objection, this is a question

which goes to the root of the constitutional matters, the division of power be tween Federal Government and the Provincial Government therefore, they thought this is an opportunity, this is a subterfuge under Rule 173 to bring this motion and then to make all sorts of allegations against this. May I ask the leaders, the members of the Opposition Party who has prevented them from going to Baluchistan, they can go and move about freely. Nobody is going to stop them. They can go and every body is welcomed to go and move about and they can go to Marri area, they can go the Bugti areas, they can go to any area. The Prime Minister went round to every nook and corner of the country and I also, though I don't have the time.

(*Interruption*)

Why should I take people... then also quote me to support them in their unfounded allegations against the Government. I would be the last person to do that. Now Sir, what is happening in Baluchistan is, that a section of the people, they are indulging in unlawful activities, they hide some where in hills, fire at the buses, they kill people, they killed policemen the other day who were their own kith and kin, all of them were Brohies, they didn't hesitate to slaughter them.

I just want to tell you, they don't stop to do you anything, they fire at the trains, now it is expected that they are patriots. Are these people patriots, are these people fighting for the restoration of democracy in the Province.

Mr. Chairman, I want to know one thing. Time and again it is stated that a very fair election was held under Yahya Khan, well may I remind them that it is the same Yahra Khan who declared the NAP as unlawful and illegal. If they had party majority then under the constitution they had every right to govern that Province. We have every right to have Governor of their own. Forgct at the time that in India where there are non congress party holding majorities in the Provinces, the congress government at the centre ceased to exist that it is the only congress governers are appointed. This was a favour showed to them that one member of their own party was appointed in each of the two provinces as governor. They say they claim as a matter of right and then under the constitution the Federal Government, the President has the right to dismiss him if he is not acting in accordance with the constitution. Now, there may be difference of opinion that this was wrongly done, but after all the judge is the government overwheilming majority of the people behined it, they were elected by the overwhelming majority, they command the overwhelming majority in the House, now may I ask them that in India where six or seven provinces, where there non-congress overwhelmiag majority, the provincial governments were dismissed by the President of India. Did any insurrection take place...... did any insurrection take place, that they are now upholding the right to rebel on the part of certain people in Baluchistan. This attempt to show that the whole of Baluchistan is on fire, there is nothing of this kind, nothing of this kind.

Sir, I an going to Baluchistan. Mr. Chairman, I travelled to Pasheen the other day, people were going about their normal professions and I

addressed a big public meeting in the Bazar and a lot of people came to see me. I also addressed the Bar Association. I met all sorts of people, I didn't see that any body had his clothes burnt. If the whole Baluchistan was on fire how is it that I have come alive with all my clothes, with all my body intact. Please there must be some limit to exaggeration, there must be some reasonable amount of exaggeration.

In Baluchistan we have set up an infrastructure of civil administration for the first time which had been destroyed by the NAP Government. The Commissioners have been restored. The Deputy Commissioners have been appointed, police organization was set up though it is not very efficient, new districts have been carved out. The police organization will take root and it is taking root but it will take some time the infra structure which has been completely destroyed to take root. We have got this civil infra structure, we have got police, we have set up a Baluch constabulary, we have set up separ Baluch civil armed forces and this time the amount of money which the Government of Pakistan have allocated to Baluchistan is an unbelievable amount, throughout the history of Pakistan never before such a vast amount has been earmarked for the rapid development of that Province where the sardari system stood in the way of development, stood in the way of construction of roads, stood in the way of construction of schools, stood in the way of lighting houses in the countryside, stood in way of providing hospitals and in this war against ignorancc, poverty and disease. The sardars see the end and death of their system and it is they who are behind this thing. It is they who are fighting for the survival of a mediaeval feudal system which this government has determined to uproot. We have determined to restore the dignity in the the common man, in the common woman in Baluchistan, we have determined to educate them, we have determined to raise their standard of living, we have determined to look after their health, we have determined to electrify the whole country for the first time. We are sinking tubewells. We have set up a university, technical colleges, we are giving employment to them. Sir, that area has been neglected by the sardars and that is why you didn't find so many Baluchi people in the services. They people of frantier Province took education in good tribes. Now they are holding very prominent place all over Pakistan and playing and making their valuable contribution to the defence and the administration of the country. We hope that in the time to come our brothers in Baluchistan will rise to the occasion. Sir, another thing was said by one Hon'ble Senator though it was not strictly relevant but I think it would be my duty as a member of the Federal Government to explain the position. He said that I have gone round the country and I found the army here, there and every where.

Now, Sir, is the Hon'ble Senator not aware that the Opposition and those who are opposed to the Government not aware that there is a religious issue. The National Assembly is of the religious issue and I make bold to say that the members of the National Assembly who represents the Peoples Party IN'SHA'ALLAH will give a decision which will be just, fair and equitable and which wlil satisfy our people, but there are people who are spreading a lot of propaganda that tbe decision is going to the other. And therefore, they have asked the people to march on Islamabad on the 5th and 6th. They are telling them to go and

*gherao* the M.N.A. Hostel. They are telling them to go and *gherao* the National Assembly. The object is that these so-called defenders of democracy would not concede the elected Mombers of the National Assembly to decide a matter of vital importance frhely and fairly. They want to pressurise them by spreading tales that the decision is going to be this or the other. Now, if marching orders have been given to the students to converge on these big cities, to converge on Islamabad and the MNA Hostel, we as a Government would be failing in our duty if we de not see to it that the Assembly is not pressurised and that they are in a free position to take a correct decision. We are taking preventive action. We don't want to do any to our harm to our people students or our own children who are being misled by certain unscrupulous people in this country to march in Islamabad. We don't want to shoot them round. We don't want to hurt them. We want to prevent them from getting into mischief and we want to get at those people who are inciting them to create law and order situation and trouble in the country before the 7th of this month when this decision is to be announced. Therefore, it is our duty. It is not because we expect that the decision is going to be this or that. It is to prevent the exploiters of the law and order situation, those who mislead our students that we have taken care that ample forces should be present to see that they do not succeed in their nefarious designs and that peace is maintained in the country. That is why you find the Government is very much alive to the situation and I can say with all the responsibilty as the Minister of Interior that we would have beenfailing in our duty if we have not taken timely steps to see that no trouble takes place in this country. It is not to defend that we have apprehended when the decision is announced that there will be any trouble. We *Inshallah* expect that our Assembly will give right lead to the country. But before that date we know that as the question is a religious one and at the same time political stringes are attached to it and there are people who want to use this question for ulterior ends to topple this Government by use of force what they cannot do by constitutional means provided iu the Constitution. That is why Sir, we have taken all these steps.

Now, coming back to Baluchistan, I may say that the Prime Minister is fully seized of the situation. He knows what is going on in the country and the Prime Minister is anxious that there should be peace. Absolute peace when this decision is announced and absolute peace after this decision is announced and *Inshallah* we will have peace. We don't want any trouble.

One or two things more before I finish Sir, what is the use of this Committee going to Baluchistan. The hon'ble Members of the Opposition who spoke, they seem to know everything that is happening in Baluchistan. They seem to know all about it. They have heard stories and they believe in every story and they have selected this forum for giving credence to hear-say stories. Sir, but who is preventing them going to Baluchistan,

**Mr. Chairman :** But then they will be going on their own expenses. Here they want to go on Government expenses.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : Mr. Chairman Sir, every Members of the Senate and the Assembly is paid a lump sum every year to go and see the situation for himself, and if he uses that money wisely he can go. But the idea is not to spend a pie out of it and not to travel. That is a different thing. But I am sure that the Government has provided travelling allow*n*ce for Members—free tickets in many cases or in the alternative a lump sum and if they make use of that money they can go there.

**Mr. Chairman** : They want to go their on pleasure trips.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** : We want to go on our expenses and not on Government expenses.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : And if a senator is making such awful allegations against the armed forces of Pakistan and all that sort of things, then it becomes very difficult to move about in such company. With that feeling, with pre-conceived ideas it becomes very difficult. I know that the only result would be that they will come back with other stories. Sir, Baluchistan is a very very large area. In fact more than half of Pakistan. And I was surprised when I heard that the people do not move about. I saw them moving about. I myself was moving about in the mid-night.

**Khawaja Mohammad Safdar** : And the Governor Sahib?

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : As regards the Governor, he issued a statement which I did not read. But I saw women with small babies in their arms at 10 and 11 p.m. in Quetta. But it seems that the hon'ble Members shut their eyes when they move about in Quetta. They see nothing. The Governor may be resting at that time. He has got a nice palace.

And therefore, Sir, I submit that there is no necessity of this and as regards the Army, the Army and Defence Services will stay everywhere in Pakistan. They have a right to stay everywhere in Pakistan under the Constitution and a right to come in support of the civil power. I venture to say with all the sense of responsibility that the Defence Forces act with greatest constraint in these situations. I say greatest constraint because the bulk of the vast majority of people in Baluchistan are law-abiding and patriotic people and there is no intention that they should be hurt in any way. Naturally if that happens in Punjab or N.W.F.P. that somebody shoots on a bus or kills the innocent people, then nobody can defend that action, and severe action is taken. Therefore, I oppose this.

(*Applause*)

**Mr. Chairman** : Thank you. We have heard many speakers from both sides. Now let us hear the House.

**Mr. Shahazad Gul** : Sir, two minutes please.

**Mr. Chairman :** No. I am asking the opinion of the House. I am putting it to vote.

The question before the House is :—

"That a Special Committee under Rule 173 of the Rules of Procedure and Counduct of Business in the Senate, 1973, consisting of the following Senators be formed :—

1. Mr. Mohammad Hashim Ghilzai.
2. Khawaja Mohammad Safdar.
3. Mr. Zulfiqar Ali Shah Jamote.
4. Mr. Abdul Wahid Kurd.
5. Mr. Shahzad Gul.
6. Rao Abdus Sattar.
7. Mr. Ahmed Waheed Akhtar.
8. Agha Ghulam Nabi Khan.
9. Mr. Zafar Ahmed, Quresh, and
10. Mr. Hazoor Bakhsh.

The Committee should visit the Province of Baluchistan and after extensive tour submit a detailed report to the Senate about the political and law and order situation in that Province."

(*The motion was negatived*)

## PROROGATION

**Mr. Chairman :** Now, I have to announce the order of the President. The order is .—

"In exercise of the powers conferred by Clause 1 of Article 52 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on the 5th Septamber, 1974.

The order is over.

The House stands prorogued.

**Senators :** Thank you very much.

---

(The Senate prorogued at 12. 40. p.m.)

(The Senate stood prorogued),